
www.saharaexpressdaily.com saharaexpressranchi@gmail.com saharaexpress123@gmail.com saharaexpressnews@gmail.com




روزنامہ
# سہارا ایکسپریس
رانچی
SAHARA EXPRESS,RANCHI

Urdu Daily Published From Ranchi,Patna & Delhi

RNI.NO.JHURD/2012/45029 Vol:14 Issue:51 21.02.2025 FRIDAY Re.01 Page:08

جلد نمبر:14 شمارہ:۵۱ جمعہ/۲۱/فروری/۲۰۲۵/مطابق/۲۲/شعبان المعظم ۱۴۴۶ھ/ صفحات:08

## وزیراعلیٰ ریکھا گپتا سمیت چھ وزراء نے حلف لیا

نئی دہلی، 20 فروری (یواین آئی) طلباء کی سیاست سے قومی دھارے کی سیاست میں آنے والی راشٹریہ سویم سیوک سنگھ (آر ایس ایس) کی تجربہ کار کارکن ریکھا گپتا کی قیادت والی بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) حکومت نے آج قومی راجدھانی علاقہ دہلی کی حکومت کی باگ ڈور سنبھالی۔ دہلی کے تاریخی رام لیلا میدان میں منعقدہ ایک شاندار تقریب میں وزیراعظم نریندر مودی اور قومی جمہوری اتحاد (این ڈی اے) کے حلقوں کے سرکردہ رہنماؤں کی موجودگی میں لیفٹیننٹ گورنر وی کے۔ سکسینہ نے محترمہ گپتا اور ان کے ساتھی وزراء کو عہدے اور رازداری کا حلف دلایا۔ محترمہ گپتا شالیمار باغ حلقے سے بی جے پی کی ممبر اسمبلی منتخب ہوئی ہیں۔ محترمہ گپتا کے بعد عام آدمی پارٹی کے قومی کنوینر اور سابق وزیراعلیٰ اروند کیجریوال کو شکست دے کر نئی دہلی اسمبلی سیٹ سے ممبر اسمبلی منتخب ہونے والے پرویش صاحب سنگھ ورما نے وزیر کے عہدے کا حلف لیا۔ اس کے بعد مسٹر آشیش سود، منجندر سنگھ سرسا، رویندر اندراج سنگھ، کپل مشرا اور پنکج کمار سنگھ نے وزیر کے طور پر حلف لیا۔ رام لیلا گراؤنڈ میں تین اسٹیج سجائے گئے۔ بائیں اسٹیج پر مختلف مذاہب کے مذہبی پیشوا اور کئی نامور بزرگ بیٹھے تھے۔ وزیراعلیٰ اور وزراء کو حلف دلانے کے درمیانی اسٹیج پر انتظامات کئے گئے تھے اور اس اسٹیج پر وزیراعظم مودی، مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ، وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ سمیت مودی کابینہ کے دیگر وزراء، بی جے پی کے قومی صدر جے پی۔ نڈا، دہلی بی جے پی کے صدر ویریندر سچدیوا، بی جے پی اور این ڈی اے کی حکومت والی ریاستوں کے وزرائے اعلیٰ اور نائب وزیر اعلیٰ موجود تھے۔ آسام کے وزیراعلیٰ ہیمنت وشو سرما، گوا کے وزیراعلیٰ پرمود ساونت، ہریانہ کے وزیراعلیٰ نائب سنگھ سینی، مدھیہ پردیش کے وزیراعلیٰ موہن یادو اور نائب وزیراعلیٰ راجندر شکلا، چھتیس گڑھ کے وزیراعلیٰ وشنو دیو سائی، راجستھان کے وزیراعلیٰ بھجن لال شرما، آندھرا پردیش کے وزیراعلیٰ این چندرا بابو نائیڈو، نائب وزیر علی پون کلیان، مہاراشٹر کے وزیراعلیٰ دیویندر فرنویس، نائب وزیراعلیٰ اجیت پوار، اتر پردیش کے نائب وزرائے اعلیٰ کیشو پرساد موریہ اور برجیش پاٹھک، بہار کے نائب وزیراعلیٰ وجے کمار سنہا، شمال مشرق کے رہنما، دہلی کے تمام اراکین پارلیمنٹ، میئر اور دہلی کے مرکزی وزراء اور جنتا دل یونائیٹڈ کے لیڈر راجیو رنجن سنگھ عرف للن سنگھ اور دیگر اہم شخصیات نے شرکت کی۔ قومی ترانے سے حلف برداری کی تقریب کا آغاز ہوا۔ اس کے بعد دہلی کے چیف سکریٹری دھرمیندر کمار نے مرکزی وزارت داخلہ کا نوٹیفکیشن پڑھ کر سنایا، جس میں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے محترمہ ریکھا گپتا کو وزیراعلیٰ اور چھ دیگر اراکین اسمبلی کو وزیر اعلیٰ مقرر کرنے کی اجازت دی تھی۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ٹویٹر پر محترمہ گپتا کو وزیراعلیٰ بننے پر مبارکباد دیتے ہوئے مسٹر مودی نے لکھا محترمہ ریکھا گپتا جی کو دہلی کی وزیراعلیٰ کے طور پر حلف لینے پر مبارکباد۔ وہ نچلی سطح سے اٹھی ہیں، کیمپس کی سیاست، ریاستی تنظیم، میونسپل کارپوریشن انتظامیہ میں سرگرم رہی ہیں اور اب ایم ایل اے اور وزیراعلیٰ بھی ہیں۔ مجھے یقین ہے کہ وہ دہلی کی ترقی کے لیے اپنی پوری طاقت سے کام کریں گی۔ ایک کامیاب مدت کے لیے میری نیک خواہشات۔" حلف برداری کے بعد وزیراعلیٰ گپتا نے کہا کہ ان کی حکومت انتخابات کے دوران دہلی کے عوام سے پارٹی کی طرف سے کئے گئے وعدوں کو پورا کرے گی۔



## اسرائیلی فوج کا فلسطینی کیمپ پر حملہ، 3 فلسطینی ہلاک

غزہ، 20 فروری (یواین آئی) اسرائیلی فوجیوں نے شمالی مقبوضہ مغربی کنارے میں واقع توباس شہر میں الفاریہ پناہ گزین کیمپ میں 3 فلسطینیوں کو ہلاک کر دیا۔ فلسطین کی سرکاری خبر رساں ایجنسی وفا نے سیکیورٹی ذرائع کے حوالے سے بتایا ہے کہ اسرائیلی فورسز نے طوباس کے جنوب میں واقع فاریہ پناہ گزین کیمپ میں ایک گھر کا محاصرہ کر رکھا ہے۔ خبر میں بتایا گیا کہ اسرائیلی فورسز کی براہ راست گولیوں اور راکٹوں سے فائرنگ کے نتیجے میں گھر میں موجود 3 افراد اپنی جانوں سے ہاتھ دھو بیٹھے اور بتایا گیا کہ اسرائیلی فورسز شہید ہونے والے فلسطینیوں کی لاشوں کو بھی اپنے ساتھ لے گئے۔ رپورٹ میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ اسرائیلی فورسز نے محصور گھر کے قریب ایک اسپورٹس کلب پر چھاپہ مارا اور 2 افراد کو حراست میں لے لیا۔ اسرائیلی فوج نے مقبوضہ مغربی کنارے کے شہروں نابلس، طولکریم، قلقیلیا، رملہ، بیت اللحم اور حبرون کے قصبوں اور پناہ گزین کیمپوں پر بھی چھاپے مارے۔




## آیوشمان بھارت سے چھوٹے اسپتالوں کو ہٹانے بڑے اسپتالوں کو فائدہ پہنچانے کی سازش: اجے ساہ

رانچی، 20 فروری (اسٹاف رپورٹر) جھارکھنڈ بی جے پی کے ریاستی ترجمان اجے ساہ نے آج ہیمنت سورین حکومت پر سخت تنقید کی۔ مسٹر ساہ نے آج یہاں بی جے پی کے ریاستی دفتر میں منعقد ایک پریس کانفرنس میں الزام لگایا کہ جس آیوشمان بھارت اسکیم کا فائدہ پورے ملک میں ضرورت مندوں کو مل رہا ہے، اسی اسکیم کو جھارکھنڈ حکومت بند کرنے کی تیاری کر رہی ہے۔ مسٹر ساہا نے محکمہ صحت کی طرف سے جاری کردہ حکم کا حوالہ دیا، جس میں آیوشمان بھارت مکھیہ منتری جن آروگیہ یوجنا کے تحت پرائیویٹ اسپتالوں کی فہرست سازی کے نئے ضابطوں کا التزام کیا گیا ہیں۔ اس حکم نامے کے مطابق اب صرف ان اسپتالوں کو اس اسکیم کے تحت شامل کیا جائے گا جن کے شہری علاقوں میں کم از کم 50 بستر اور دیہی علاقوں میں کم از کم 30 بستر ہیں۔ انہوں نے خدشہ ظاہر کیا کہ اس حکم کے نفاذ کے بعد پورے جھارکھنڈ میں مشکل سے ہی 15 اسپتال ایسے رہ جائیں گے جو اس اسکیم کے فوائد فراہم کر پائیں گے۔

## سابق وزیر اور کانگریس لیڈر بندھوٹرکی کو ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کیس میں بری کردیا گیا

رانچی، 20 فروری (اسٹاف رپورٹر) جھارکھنڈ کے سابق وزیر اور کانگریس لیڈر بندھو ٹرکی کو آج رانچی کی خصوصی ایم پی-ایم ایل اے عدالت نے ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی سے متعلق چھ سال پرانے معاملے میں ثبوت کی کمی کی وجہ سے بری کر دیا۔ عدالت نے آج یہ فیصلہ سنایا۔ اس سے قبل پیر کو سابق وزیر بندھوٹرکی کا 313 بیان ریکارڈ کیا گیا تھا، جس کے بعد رانچی کے ایم پی-ایم ایل اے کی خصوصی عدالت نے فیصلہ محفوظ کرلیا تھا اور فیصلہ سنانے کے لیے جمعرات کی تاریخ مقرر کی تھی۔

## کوئلانچل بے گھر سنگھرش مورچہ کے ایک وفد نے راج بھون میں گورنر سے ملاقات کر کے میمورنڈم پیش کیا

رانچی، 20 فروری (اسٹاف رپورٹر) کوئلانچل بے گھر سنگھرش مورچہ کے ایک وفد نے وطن مہتو کی قیادت میں آج جھارکھنڈ کے گورنر سنتوش کمار گنگوار سے راج بھون میں ملاقات کر کے میمورنڈم پیش کیا۔ میمورنڈم میں بتایا گیا کہ ویدکارو موضع (پولیس نمبر 20، پولیس اسٹیشن-گاندھی نگر) میں واقع کھلی زمین پر سی سی ایل کرو پروجیکٹ کو گرام سبھا کی اجازت کے بغیر منظور کیا گیا ہے۔ وفد نے گورنر سے درخواست کی کہ وہ اس منصوبے کو روکنے کے لیے ضروری اقدام کریں۔










## زبان کسی بھی ملک کے ثقافتی ورثے کا مستند ستون ہے: دھنکھڑ

نئی دہلی، 20 فروری (یواین آئی) نائب صدر جگدیپ دھنکھڑ نے جمعرات کو کہا کہ زبان ادب سے ماورا ہے کیونکہ یہ عصری منظر نامے کی وضاحت کرتی ہے اور اگر زبان نہیں پھلے گی تو تاریخ بھی نہیں پھلے گی۔ مسٹر دھنکھڑ نے 98 ویں آل انڈیا مراٹھی ساہتیہ سمّیلن کے موقع پر یہاں اپ راشٹرپتی نواس میں ایک وفد سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کسی خطے کو فتح کرنے کا بہترین طریقہ یہ نہیں کہ اسے جغرافیائی طور پر قبضہ کر کے اس کی ثقافت پر قبضہ کرلیا جائے اور اس کی زبان کو تباہ کر دیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ کسی ملک کی تعریف اس کی ثقافتی دولت، اس کے ثقافتی اخلاق سے کی جاتی ہے اور اس حد تک، ہندوستان، جہاں انسانوں کی آبادی کا چھٹواں حصہ آباد ہے، منفرد حیثیت کا حامل ہے۔ دنیا کا کوئی ملک ہمارا موازنہ نہیں کرسکتا۔ یہ ہزاروں برسوں کی تہذیبی اخلاقیات کا حامل ملک ہے۔ نائب صدر نے کہا کہ یہ ہمارا پابند فریضہ ہے اور ایک لحاظ سے ہماری ثقافت اور زبانوں کی آبیاری کرنا ہمارے بانیوں کا آئینی حکم ہے۔ اس امر کو یقینی بنانے کے لیے کہ یہ پھولے پھلے، اور یہ صرف ان لوگوں کی دستگیری کے ذریعہ جاسکتا ہے جو اس ادب کو محفوظ کرنے میں مصروف ہیں جو پہلے سے موجود ادب کے فروغ اور اس میں اضافہ کرنے میں مصروف ہیں اور یہ بنیادی بات ہے۔ میں بہت مسرور ہوں کہ یہ تنظیم ایک ایسے پروگرام کا اہتمام کر رہی ہے۔ اس تنظیم سے جو بھی جڑے ہوئے ہیں وہ تعریف کے مستحق ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ اگر ہم اپنے آئین کو دیکھیں تو ہمارے آئین سازوں نے دور اندیشی اور گہری سوچ کا مظاہرہ کیا ہے اور ہمیں اپنی ثقافت سے روشناس کرایا ہے۔ 'ستیہ میو جیتے' پہلے آتا ہے، پھر بل، موہنجوداڑو کی مہر، ہڑپہ تہذیب کی نشانی، گروکل ثقافت اور جب بنیادی حقوق کا سوال اٹھتا ہے تو ہم کیا دیکھتے ہیں؟ ادھرم پر دھرم کی جیت، ماں سیتا، شری رام اور لکشمن ادھرم کو شکست دینے کے بعد سرخرو ہو کر ایودھیا لوٹ رہے ہیں۔ مسٹر دھنکھڑ نے کہا کہ جب پالیسی اصولوں کی بات آتی ہے تو ہندوستان کا آئین کیا تصویر پیش کرتا ہے؟ بھگوان شری کرشن کروکشیتر میں ارجن سے خطاب کر رہے ہیں اور واعظ کا بنیادی منتر کیا ہے؟ اس راستے پر قائم رہو جو حق کا ساتھ دیتا ہے، انصاف کا ساتھ دیتا ہے، اور اس بات سے قطع نظر کہ آپ کے سامنے کوئی بھی ہو ثابت قدم رہو۔

www.saharaexpressdaily.com saharaexpressranchi@gmail.com saharaexpress123@gmail.com saharaexpressnews@gmail.com

روزنامہ سہارا ایکسپریس رانچی

SAHARA EXPRESS,RANCHI

Urdu Daily Published From Ranchi,Patna & Delhi

RNI.NO.JHURD/2012/45029 Vol:14 Issue:51 21.02.2025 FRIDAY Re.01 Page:08

جلدنمبر:14 شمارہ:۵۱ جمعہ/۲۱/فروری/۲۰۲۵/مطابق/۲۲/شعبان المعظم ۱۴۴۶ھ/ صفحات:08

JUMMA MUBARAK
O Allah, bless us with a blissful and peaceful Friday.



روزنامہ سہارا ایکسپریس رانچی
SAHARA EXPRESS,RANCHI

## شنگھائی ریلوے سٹیشن پر ایک شخص کی جان بچانے والے پاکستانی طالب علم جو چین میں 'ہیرو' بن گئے

رات کا وقت تھا جب یوسف خان اور رفیق اللہ سٹیشن پر اترے تو انھوں نے پولیس اہلکاروں کو دیکھا۔ وہ ایک ادھیڑ عمر شخص کے گرد کھڑے تھے جو زمین پر گرا ہوا تھا۔ کوئی عام شخص ہوتا تو شاید ایسے منظر کو دیکھ کر نہ رکتا لیکن یوسف اور رفیق نے ایسا نہیں کیا۔ رفیق کے مطابق اس شخص کی نبض معمول سے کم تھی، سانس بھی ٹھیک سے نہیں آ رہا تھا اور دل کی دھڑکن میں مسائل تھے۔ میڈیکل کالج کے فائنل ایئر کے طالب علم ہونے کی حیثیت سے وہ دونوں یہ جان چکے تھے کہ یہ علامات دل کے دورے کی ہیں اور بروقت طبی امداد نہ دی گئی تو اس شخص کی جان جا سکتی ہے۔ لیکن اس سٹیشن پر طبی سہولیات نہ تھیں اور ایمبولنس کا دور دور تک پتا نہ تھا۔ ایسے میں رفیق اور یوسف کے پاس اس شخص کی جان بچانے کا ایک ہی طریقہ تھا اور انھوں نے وقت ضائع کیے بغیر اسی کو چنا۔ یوسف نے 'کارڈیو پلمونری ری سسٹیکیشن' یعنی سی پی آر نامی طریقے کے تحت اس شخص کی چھاتی پر دونوں ہاتھ رکھ کر عمل شروع کیا اور وقفے وقفے سے منھ کے ذریعے سانس دینے لگے۔ رفیق نے ان کی مدد کی اور چند ہی لمحوں میں اس شخص کی سانس بحال ہونا شروع ہو گئی۔ یہ پورا واقعہ چین کے شہر شنگھائی کے ریلوے سٹیشن پر سی سی ٹی وی کیمروں میں ریکارڈ ہو رہا تھا جہاں دونوں پاکستانی طالب علم، جو چین کے ہی ایک میڈیکل کالج کے طالبعلم ہیں، اس رات سیاحت کی غرض سے پہنچے تھے۔ دیکھتے ہی دیکھتے دونوں طالب علم چین میں ہیرو بن گئے اور چینی میڈیا نے ان کا انٹرویو بھی کیا۔ اس واقعے کا ذکر پاکستان میں چین کے سفارت خانے نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر بھی کیا۔ ایک پوسٹ میں سفارت خانے کا کہنا تھا کہ 'میڈیکل کی تعلیم حاصل کرنے والے پاکستانی طالب علموں یوسف خان اور رفیق اللہ نے شنگھائی میں ایک ادھیڑ عمر شخص کو بہادرانہ طریقے سے بچایا جس کے لیے ان کو سراہا جا رہا ہے۔' چین کے میڈیا اور سوشل میڈیا پر بھی دونوں پاکستانی طالب علموں کو ہیرو قرار دیا گیا جبکہ ان کے تعلیمی ادارے، گائن میڈیکل یونیورسٹی آف چین، نے دونوں کو تعریفی اسناد دینے کا اعلان کیا۔ یوسف خان نے اس رات کے بارے میں بتایا کہ 'ہم نے چند دن قبل ہی سیاحت کا پروگرام بنایا تھا۔ ہم نے ٹرین سے سفر کیا اور آدھی رات کے بعد جیسے ہی شنگھائی کے ریلوے سٹیشن پر اترے تو میں نے دیکھا کہ جس مقام پر پولیس افسران کھڑے تھے وہاں ایک بڑی عمر کا شخص گر گیا۔' 'میں نے رفیق کو کہا کہ ہمیں دیکھنا چاہیے کہ کیا ہوا ہے۔ ہم آگے بڑھے لیکن اس شخص کے پاس پولیس افسران پہنچ چکے تھے جنھوں نے لوگوں کو پیچھے ہٹ جانے کو کہا۔' چین میں کسی کو بغیر اجازت ہاتھ لگانا یا قانونی تقاضے پورے کیے بغیر طبی امداد دینا غیر قانونی ہے۔ یوسف اور رفیق کو دوران تعلیم یہ بتایا جا چکا تھا۔ لیکن وہ اس وقت یہ بھی چاہتے تھے کہ اس شخص کو طبی امداد فراہم کریں۔ ڈیپ سیک اور چین کے 'ہیرو': ایک غیر معروف کمپنی نے پابندیوں کے باوجود اے آئی پر امریکی بالادستی کو کیسے ختم کیا یوسف کہتے ہیں کہ 'ہم نے قریب کھڑے ایک پولیس افسر کو بتایا کہ ہم میڈیکل کالج کے فائنل ایئر کے طالب علم ہیں اور فرسٹ ایڈ فراہم کر سکتے ہیں۔ یہ سن کر پولیس افسر نے ہمیں اجازت دے دی۔' رفیق نے فوری طور پر اس شخص کی نبض دیکھی جو کمزور محسوس ہوئی۔ انھوں نے بتایا کہ 'سانس بھی نہیں آ رہی تھی اور دل کی دھڑکن میں بھی مسائل تھے۔ اس موقع پر ان کو فرسٹ ایڈ دینے کی ضرورت تھی اور یہ سی پی آر ہی کی صورت میں ہو سکتی تھی۔'

# کیا بیرین سنگھ کا استعفیٰ واقعی امن کی بحالی کا باعث بنے گا؟

تحریر: محمد فداء المصطفیٰ قادریؔ
رابطہ نمبر: 9037099731
ڈگری اسکالر: جامعہ دارالہدیٰ اسلامیہ، ملاپورم، کیرالا



بیرین سنگھ کا استعفیٰ منی پور میں بڑھتے ہوئے بحران اور سیاسی عدم استحکام کے پس منظر میں سامنے آیا ہے، لیکن سوال یہ ہے کہ آیا یہ استعفیٰ واقعی ریاست میں امن کی بحالی کا باعث بنے گا یا یہ محض ایک وقتی سیاسی چال ثابت ہوگا۔ اس سوال کا جواب ریاست کی موجودہ صورتحال اور اس کے مستقبل پر منحصر ہے۔ یہ فیصلہ بظاہر ایک سیاسی چال کے طور پر دکھائی دیتا ہے، تاہم اس کے پس پردہ جو عوامل کارفرما ہیں وہ ریاست کی طویل المدتی سیاسی عدم استحکام اور مرکزی حکومت کی بے حسی کو نمایاں کرتے ہیں۔ اگرچہ بی جے پی نے بیرین سنگھ کو ہٹانے کا فیصلہ کیا ہے، مگر یہ سوال ابھی بھی برقرار ہے کہ آیا یہ فیصلہ ریاست میں امن قائم کرنے میں مددگار ثابت ہوگا یا نہیں۔ بیرین سنگھ کی وزارتِ اعلیٰ کے دوران منی پور میں ایک طویل بحران نے جنم لیا ہے۔ کوکی اور میتیئی برادریوں کے درمیان بڑھتی ہوئی کشیدگی نے صورتحال کو مزید پیچیدہ بنا دیا ہے، اور ریاستی حکومت اور مرکز کی بے توجہی نے اس بحران کو اور بھی گھمبیر کر دیا ہے۔ بی جے پی قیادت کی طرف سے اس بحران پر نظراندازی اور عوام کو ان کے حالات پر چھوڑ دینا سیاسی لاپرواہی اور ناکامی کی واضح مثال ہے۔ وزیرِ اعظم نریندر مودی کا منی پور کے حوالے سے مسلسل خاموش رہنا اور وزیرِ داخلہ امت شاہ کا صرف نمائشی دورہ کرنا اس بات کا غماز ہے کہ مرکز نے اس بحران کو محض سیاسی کھیل کے طور پر دیکھا اور انسانی المیہ کے طور پر نہیں لیا۔

اس عرصے میں منی پور میں بڑھتے ہوئے تشدد اور بے چینی کی وجہ سے عوام کی حالت بدتر ہوئی، لیکن حکومت کی طرف سے اس پر کوئی ٹھوس ردعمل سامنے نہیں آیا۔ اس تمام صورتحال میں، بیرین سنگھ کا استعفیٰ ایک سیاسی اسٹریٹیجی کے طور پر سامنے آیا ہے تاکہ بی جے پی کے اندرونی تنازعات اور اپوزیشن کی ممکنہ تحریکِ عدم اعتماد کا مقابلہ کیا جا سکے۔ یہ استعفیٰ اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ بی جے پی اپنے اندرونی اختلافات سے نمٹنے کے لیے ریاستی سطح پر کسی بھی اہم سیاسی تبدیلی کو بروئے کار لانے میں ہچکچاہٹ محسوس نہیں کرتی۔ اس تناظر میں یہ کہنا بھی غلط نہیں ہوگا کہ بیرین سنگھ کا استعفیٰ اخلاقی دباؤ کا نتیجہ نہیں بلکہ ایک سیاسی حکمت عملی کا حصہ ہے، جس کا مقصد بی جے پی کے اندرونی بحران کو قابو پانا اور ریاست میں بڑھتے ہوئے عدم استحکام کو کسی حد تک کم کرنا ہے۔ تاہم، یہ سوال اپنی جگہ پر موجود ہے کہ آیا یہ فیصلہ منی پور میں حقیقتاً امن وسکون کا باعث بنے گا یا یہ محض سیاسی سراب ثابت ہوگا۔ خلاصہ یہ ہے کہ منی پور میں مسلسل جاری کشیدگی، مرکز کی بے توجہی اور ریاستی حکومت کی ناکامی نے اس استعفے کو جنم دیا ہے، جو دراصل ایک سیاسی حکمت عملی کا حصہ ہے، لیکن اس کا حقیقی مقصد ریاست میں امن قائم کرنے میں کامیابی حاصل کرنا ہے یا نہیں، یہ وقت ہی بتائے گا۔

اگر واقعی بیرین سنگھ کو منی پور میں جاری بدامنی کی ذمہ داری قبول کرنی تھی، تو انہیں یہ فیصلہ بہت پہلے کر لینا چاہیے تھا۔ مارچ 2023 میں جب کوکی برادری پر مظالم کے دل دہلا دینے والے ویڈیوز سامنے آئے، جب دو معصوم لڑکیوں کو برہنہ پریڈ کرایا گیا، جب سینکڑوں گھروں کو آگ لگا دی گئی اور ہزاروں افراد بے گھر ہوئے، تب بیرین سنگھ نے ایک لمحے کے لیے بھی حالات کا سنجیدگی سے نوٹس نہیں لیا۔ اس وقت حکومت کی خاموشی نے نہ صرف ریاست میں عوامی اشتعال کو بڑھایا، بلکہ بین الاقوامی سطح پر ہندوستان کی ساکھ کو بھی سنگین نقصان پہنچایا۔ یہ واقعہ صرف منی پور کے عوام کے لیے نہیں، بلکہ پورے ملک کے لیے ایک سنگین بدنامی کا سبب بن گیا۔ سپریم کورٹ نے بھی اس معاملے پر سخت رویہ اپنایا اور حکومت کو واضح طور پر متنبہ کیا کہ اگر حالات پر قابو نہیں پایا گیا تو عدالت کو مداخلت کرنا پڑے گا۔

اس تمام صورتحال میں، حقیقت یہ ہے کہ بیرین سنگھ کا استعفیٰ بی جے پی کے داخلی بحران کا نتیجہ ہے۔ ریاستی اسمبلی کے بجٹ اجلاس سے پہلے بی جے پی کے کئی ناراض اراکین اسمبلی کی مخالفت نے پارٹی قیادت کو اس بات پر مجبور کر دیا کہ بیرین سنگھ کو ہٹا کر کسی ممکنہ سیاسی شکست سے بچا جا سکتا ہے۔ پارٹی کے اندرونی اختلافات اور اپوزیشن کی جانب سے ممکنہ تحریکِ عدم اعتماد کی وجہ سے بی جے پی نے یہ قدم اٹھایا تاکہ کسی بھی ممکنہ سیاسی نقصان کو روکا جا سکے۔ تاہم، اس تاخیر نے یہ ثابت کر دیا کہ بی جے پی کے لیے انسانی جانوں سے زیادہ سیاسی مفاد عزیز تھا۔ یہ واضح ہے کہ بی جے پی کی قیادت نے انسانی حقوق کی پامالی اور بدامنی کو سیاسی مفادات کے تناظر میں دیکھا۔ اگر حکومت کے فیصلے فوری اور سخت ہوتے، تو شاید حالات میں بہتری آ سکتی تھی اور ریاستی تشویشات کا سدباب ممکن ہوتا۔ لیکن اس وقت جب بیرین سنگھ کی ضرورت تھی، انہوں نے محض سیاسی بچاؤ کی کوشش کی، اور اس کے نتیجے میں عوامی اعتماد میں مزید کمی واقع ہوئی۔ ان کی خاموشی نے نہ صرف ریاستی بحران کو مزید بڑھاوا دیا بلکہ یہ بھی ظاہر کر دیا کہ حکومت میں انسانی مسائل سے زیادہ سیاسی حکمت عملی کو ترجیح دی گئی۔

لہٰذا، اگر بیرین سنگھ کو اپنی ذمہ داری کا احساس ہوتا، تو انہیں اس بحران کے آغاز میں ہی اپنے منصب سے استعفیٰ دے دینا چاہیے تھا، تاکہ ریاست اور عوام کے ساتھ انصاف کیا جا سکتا۔ مگر افسوس کہ سیاسی مفادات اور داخلی اختلافات نے اس تمام صورتحال کو پیچیدہ کر دیا اور ریاست کی تقدیر کے ساتھ کھلواڑ کیا۔

بیرین سنگھ کے استعفیٰ کے بعد اب سب کی نظریں اس پر جمی ہیں کہ بی جے پی کس کو ان کا جانشین مقرر کرتی ہے یا پھر ریاست میں صدر راج نافذ کیا جاتا ہے۔ منی پور میں جس شدت سے تباہی ہوئی ہے، اسے دیکھتے ہوئے کسی ایک شخصیت کو وزیر اعلیٰ بنا کر حالات کو قابو میں لانے کی امید رکھنا محض ایک خام خیالی ہوگی۔ ریاستی بحران اس نہج پر پہنچ چکا ہے کہ قیادت کی صرف تبدیلی سے کوئی خاطر خواہ حل نہیں نکلے گا، بلکہ پورے حکومتی نظام میں بنیادوں تک اصلاحات کی ضرورت ہے۔ اس وقت ریاستی حکومت کے مختلف محکمے، انتظامیہ اور پولیس سبھی اس بحران کے دوران غیر فعال نظر آئے، جس نے بحران کو مزید پیچیدہ بنایا۔ اس حقیقت کو بھی نظرانداز نہیں کیا جا سکتا کہ بی جے پی نے منی پور کے بحران کو ہندو ووٹوں کی پولرائزیشن کے لیے استعمال کیا۔ جب ریاست کے مختلف طبقات امن کی اپیل کر رہے تھے، تب پارٹی کے کچھ حلقے اس تنازعے کو اپنے سیاسی مفادات کے لیے ہوا دے رہے تھے۔ اس نے ایک طرف تو عوام کے درمیان مزید فرقہ وارانہ دراڑیں ڈالیں، دوسری طرف امن وامان کے قیام میں مزید مشکلات پیدا کر دیں۔ اگر مرکز کو واقعی منی پور کی بہتری کی فکر ہوتی، تو وہ اس مسئلے کو محض انتظامی بحران کے طور پر نہیں، بلکہ ایک انسانی بحران کے طور پر لیتا اور اسے انسانی حقوق کے تناظر میں حل کرنے کی کوشش کرتا۔ بدقسمتی سے، بی جے پی کی قیادت نے اس مسئلے کو جتنی دیر تک طول دیا، ریاست کے عوام کے زخم اتنے ہی گہرے ہوتے گئے۔ اس دوران حکومت کی خاموشی اور غیر سنجیدہ رویہ عوامی اشتعال کو مزید بڑھاوا دینے کا باعث بنا، جس کا نتیجہ آج منی پور میں نظر آ رہا ہے۔ یہ نہ صرف ریاستی سطح پر امن وامان کی صورتحال کو متاثر کر رہا ہے، بلکہ بین الاقوامی سطح پر بھی ہندوستان کی ساکھ کو نقصان پہنچا رہا ہے۔

اس وقت ضرورت اس بات کی ہے کہ ریاستی حکومت کے نظام میں مکمل اصلاحات کی جائیں، نہ کہ محض قیادت میں تبدیلی کی کوشش کی جائے۔ انتظامی اور پولیس نظام کی کارکردگی کو بہتر بنانا ضروری ہے تاکہ بحران کے دوران عوام کے تحفظ کو یقینی بنایا جا سکے۔ ریاست میں امن وسکون کے قیام کے لیے سب سے پہلے ریاستی سطح پر انسانی بحران کے طور پر اس مسئلے کو دیکھا جانا ضروری ہے، تاکہ اس کے اثرات کو کم کیا جا سکے اور عوام کا اعتماد دوبارہ بحال کیا جا سکے۔ لہٰذا، اب یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ آیا بی جے پی محض سیاسی مفادات کو سامنے رکھتے ہوئے کوئی نیا قدم اٹھائے گی، یا پھر یہ وقت ہے کہ وہ اس بحران کو حل کرنے کے لیے حقیقی اقدامات کرے، جو نہ صرف سیاسی سطح پر، بلکہ عوامی سطح پر بھی اثر انداز ہوں۔

منی پور میں فوری طور پر اسمبلی تحلیل کر کے نئے انتخابات کرانے کی ضرورت ہے تاکہ عوام خود اپنے مستقبل کا فیصلہ کر سکیں۔ اس وقت ریاست میں ایک مضبوط اور غیر جانبدار حکومت کی ضرورت ہے جو بی جے پی کی فرقہ وارانہ سیاست سے آزاد ہو اور عوام کے حقیقی مسائل کو حل کرنے کی صلاحیت رکھتی ہو۔ ریاست میں امن وسکون کی بحالی کے لیے ایک ایسی حکومت کی ضرورت ہے جو سیاسی مفادات سے بالاتر ہو کر صرف عوامی فلاح و بہبود کو ترجیح دے۔ مزید برآں، مرکزی حکومت کو منی پور کے مسئلے کو محض ایک ریاستی بحران نہ سمجھتے ہوئے اس پر ایک جامع پالیسی ترتیب دینی ہوگی جو ریاست میں دیرپا امن کو یقینی بنا سکے اور تمام برادریوں کے حقوق کا تحفظ کرے۔

بیرین سنگھ کا استعفیٰ اگرچہ ایک علامتی جیت کے طور پر دیکھا جا سکتا ہے، لیکن جب تک منی پور میں پھیلی بے چینی اور تقسیم کے زخم مندمل نہیں ہوتے، تب تک یہ فیصلہ محض ایک وقتی اقدام ہی ثابت ہوگا۔ جب تک ریاست میں موجود عدم استحکام کی جڑوں کو گہرا تجزیہ نہ کیا جائے اور اس کے اثرات کو درست طریقے سے دور نہ کیا جائے، تب تک یہ بحران اور اس کے اثرات جاری رہیں گے۔ اس کے لیے ایک مستقل حکمت عملی کی ضرورت ہے، جس میں ریاستی انتظامیہ کی اصلاحات، فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے لیے سنجیدہ اقدامات اور تمام طبقوں کے درمیان اعتماد کی بحالی شامل ہو۔ اگر مرکز اور ریاستی حکومت واقعی منی پور کے عوام کے ساتھ انصاف کرنا چاہتی ہیں تو انہیں فوری طور پر عملی اقدامات اٹھانے ہوں گے جو ریاست کو ایک بار پھر امن واستحکام کی راہ پر گامزن کر سکیں۔ یہ اقدامات صرف سیاسی قیادت کی تبدیلی تک محدود نہیں ہونے چاہئیں، بلکہ ریاست کے انتظامی نظام میں بھی گہری اصلاحات کی ضرورت ہے تاکہ عوام کی خدمت بہتر انداز میں کی جا سکے اور حکومتی مشینری کو فعال بنایا جا سکے۔ عوامی سطح پر متوازن اور غیر جانبدار قیادت کا انتخاب ہی ان تمام بحرانوں کا حل ہو سکتا ہے۔

اگر فوری طور پر ٹھوس اقدامات نہ کیے گئے، تو یہ بحران نہ صرف منی پور بلکہ پورے ہندوستان کی سالمیت کے لیے ایک مستقل خطرہ بن جائے گا۔ منی پور کا مسئلہ اب صرف ریاستی سطح پر نہیں، بلکہ قومی سطح پر ایک چیلنج بن چکا ہے جس کے اثرات دور رس ہوں گے۔ اس لیے حکومتوں کو چاہیے کہ وہ سیاسی مفادات سے بالاتر ہو کر عوام کی فلاح اور ریاست میں دیرپا امن کے قیام کے لیے سنجیدہ اور موثر قدم اٹھائیں۔

## اللہ جسے چاہتا ہے ماں باپ کے ساتھ حسنِ سلوک کی توفیق عطا کرتا ہے

ڈاکٹر محمد سراج اللہ تیمی
پرسا، پریہار، سیتامڑھی، بہار
رابطہ نمبر: 8709633260




دہلی میں مقیم میرے ایک بہت قریبی رشتہ دار نے سوال کیا ہے جس کا مستفاد یہ ہے کہ بہت سارے حفاظ اور علماء کا رویّہ ماں باپ کے ساتھ بڑا افسوسناک ہوتا ہے جبکہ جاہلوں کا برتاؤ قابلِ رشک ہوتا ہے۔ وہ نمک روٹی کھا کر بھی خوش رہتے ہیں اور اپنے ماں باپ کے ساتھ حسنِ سلوک کرتے ہیں۔ گویا ان کا انپڑھ رہنا ہی والدین کے لیے اچھا ہے تو بچوں کو حافظ اور عالم بنانے کی کیا ضرورت ہے؟ بہرحال! ذیل میں اس سوال کا مختصراً جواب دینے کی سعی کی گئی ہے۔

اسلام دنیا کا سب سے عظیم اور مقدس مذہب ہے۔ اس نے اپنے ماننے والوں کو والدین، بھائیوں، بہنوں، تمام رشتہ داروں، پڑوسیوں، ہمسایوں، محلہ اور آس پاس نیز دوسرے مقامات کے لوگوں، یہاں تک کہ روئے زمین کے تمام انسانوں کے ساتھ حسن سلوک، اچھا برتاؤ اور اچھے معاملات کرنے کا حکم دیا ہے۔ اسلام میں احترام انسانیت پر کافی زور دیا گیا ہے، ارشاد باری تعالیٰ ہے: وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِي آدَمَ وَحَمَلْنَاهُمْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَرَزَقْنَاهُم مِّنَ الطَّيِّبَاتِ وَفَضَّلْنَاهُمْ عَلَىٰ كَثِيرٍ مِّمَّنْ خَلَقْنَا تَفْضِيلًا، اور بیشک ہم نے اولادِ آدم کو عزت دی اور انہیں خشکی اور تری میں سوار کیا اور ان کو ستھری چیزوں سے رزق دیا اور انہیں اپنی بہت سی مخلوق پر بہت سی برتری دی۔ اسلام میں احترام حیوانات کی بھی تاکید کی گئی ہے۔ جانوروں، پرندوں اور دیگر مخلوقات کے ساتھ بھی اچھا رویّہ اختیار کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔ ماں باپ تو بہت بڑی چیزیں ہیں۔ قرآن کریم اور احادیث رسول میں ان کا مقام بہت بلند ہے۔ انہیں "اف" تک بھی کہنے سے منع کیا گیا ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: اور تمہارے رب نے حکم فرمایا کہ اس کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو اور ماں باپ کے ساتھ اچھا سلوک کرو۔ اگر تیرے سامنے ان میں سے کوئی ایک یا دونوں بڑھاپے کو پہنچ جائیں تو ان سے اُف تک نہ کہنا اور انہیں نہ جھڑکنا اور ان سے خوبصورت، نرم بات کہنا۔

اسلام کا ایک ایک مسئلہ، ایک حکم، ہر ایک فرمان تمام مسلمانوں کے لیے ہے۔ صرف حافظوں اور عالموں کے لیے خاص نہیں ہے، البتہ حفاظ اور علماء کی ذمّہ داریاں ضرور زیادہ ہیں، جن کا انہیں مکمل خیال رکھنا چاہیے۔ یہ بات ہمیں بحیثیت مسلمان یاد رکھنی چاہیے کہ قرآن کریم حفظ کرنے اور شرعی علوم حاصل کرنے کی بڑی فضیلت آئی ہے۔ اللہ نے قرآن کریم میں ارشاد فرمایا ہے: -" اللہ سے اس کے بندوں میں وہی ڈرتے ہیں جو علم والے ہیں بے شک اللہ عزت والا، بخشنے والا ہے"۔

اس لیے یہ کہنا کہ حافظوں اور عالموں کا رویّہ ماں باپ کے ساتھ اچھا نہیں ہوتا ہے۔ جو لوگ دینی تعلیم حاصل نہیں کرتے ہیں، یعنی جاہل ہوتے ہیں، مگر نمک روٹی ماں باپ کھلا کر ان کی خدمت کرتے ہیں، ایسے لوگ حفاظ اور علماء سے اچھے ہیں جو قطعاً درست بات نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے کیا وہ جسے فرمان برداری میں رات کی گھڑیاں گزریں سجود میں اور قیام میں آخرت سے ڈرتا اور اپنے رب کی رحمت کی آس لگائے کیا وہ نافرمانوں جیسا ہو جائے گا تم فرماؤ کیا برابر ہیں جاننے والے اور انجان نصیحت تو وہی مانتے ہیں جو عقل والے ہیں۔

ہاں! یہ بات کہی جا سکتی ہے کہ اللہ تعالیٰ جس کو والدین کی خدمت کی توفیق دیتا ہے وہی کرتا ہے۔ کچھ حفاظ اور علماء کا رویہ اگر والدین کے ساتھ اچھا نہیں ہوتا ہے تو وہ ہمارے لیے دلیل نہیں ہو سکتا۔ معاشرے میں دیکھا جاتا ہے کہ بہت سارے غیر حفاظ اور غیر علماء کا برتاؤ بھی ماں باپ کے ساتھ افسوسناک، بلکہ بسا اوقات بہت ہی شرمناک ہوتا ہے۔ والدین کے ساتھ خواہ حفاظ اور علماء غلط کریں یا غیر حفاظ وغیر علماء، سبھی کا رویہ قابلِ مذمت ہے اور عند اللہ سبھی کو اپنے کیے کا حساب دینا ہے۔ اللہ تعالیٰ جس کو چاہتا ہے، خواہ حافظ ہو، عالم ہو یا غیر حافظ اور غیر عالم ہی کیوں نہ ہو اسی کو نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ، ماں باپ کی خدمت اور ان کے ساتھ ساتھ حسن سلوک نیز دوسرے نیک اعمال وافعال کے انجام دینے کی توفیق دیتا ہے، اسی کو اسلام کی سمجھ عطا کرتا ہے۔ صحیح البخاري، كتاب العلم میں ایک حدیث اس طرح بیان کی گئی ہے: حدثنا سعيد بن عفير، قال: حدثنا ابن وهب، عن يونس، عن ابن شهاب، قال: قال حميد بن عبد الرحمن، سمعت معاوية خطيبا، يقول: سمعت النبي صلى الله عليه وسلم، يقول: "من يرد الله به خيرا يفقه في الدين، وإنما أنا قاسم والله يعطي، ولن تزال هذه الأمة قائمة على أمر الله لا يضرهم من خالفهم حتى يأتي أمر الله"۔ یعنی ہم سے سعید بن عفیر نے بیان کیا، ان سے وہب نے یونس کے واسطے سے نقل کیا، وہ ابن شہاب سے نقل کرتے ہیں، ان سے حمید بن عبدالرحمٰن نے کہا کہ میں نے معاویہ سے سنا۔ وہ خطبہ میں فرما رہے تھے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ جس شخص کے ساتھ اللہ تعالیٰ بھلائی کا ارادہ کرے اسے دین کی سمجھ عنایت فرما دیتا ہے اور میں تو محض تقسیم کرنے والا ہوں، دینے والا تو اللہ ہی ہے اور یہ امت ہمیشہ اللہ کے حکم پر قائم رہے گی اور جو شخص ان کی مخالفت کرے گا، انہیں نقصان نہیں پہنچا سکے گا، یہاں تک کہ اللہ کا حکم (قیامت) آ جائے (اور یہ عالم فنا ہو جائے)۔

خلاصہ کلام یہ ہے کہ والدین کے ساتھ غلط رویہ اختیار کرنے کی وجہ سے حفظ قرآن یا حصول علوم شرعیہ سے قطعاً منع نہیں کیا جا سکتا ہے یا جاہل رہ کر ماں باپ کو نمک روٹی کھلانے والوں کو حفاظ اور علماء پر ترجیح ہرگز ہرگز نہیں دی جا سکتی ہے، البتہ والدین کے ساتھ ان کے حسنِ سلوک، اچھے برتاؤ کی ستائش ضرور کی جا سکتی ہے اور اسے محض اللہ تعالیٰ کی توفیق سے تعبیر کیا جا سکتا ہے کہ وہی اولاد میں سے جسے چاہتا ہے، خواہ حافظ ہو، یا عالم ہو یا ان پڑھ ہو اسی کو ماں باپ کی خدمت اور ان کے ساتھ حسنِ سلوک کرنے کی توفیق عطا کرتا ہے۔

# عدالتوں میں مقدمات کی بھرمار، انصاف کی فراہمی کیسے ہو؟

سرفراز احمد قاسمی حیدرآباد
رابطہ:8099695186



ملک میں عدالتیں اس لیے قائم ہیں کہ اسکے ذریعے سماج کے دبے کچلے لوگوں، کمزوروں اور مظلوموں کو بروقت انصاف فراہم کیا جا سکے اور انہیں انصاف دلایا جا سکے،لیکن عدالتوں کے رہتے ہوئے سماج اور معاشرے کو انصاف نہیں مل سکتا یا متاثرین انصاف سے محروم رہیں تو اسے نظام عدلیہ اور جمہوری نظام کی بڑی ناکامی ہی کہا جا سکتا ہے،انصاف کی فراہمی میں تاخیر،انصاف کا قتل اور اس سے انکار کے مترادف ہے،ایک کامیاب جمہوری اور مثالی نظام کے لئے یہ ضروری ہے کہ متاثرین کو بروقت انصاف فراہم کیا جائے،ملک میں فوری انصاف رسانی کا عمل ایک سنگین بحران کی شکل اختیار کر چکا ہے،گذشتہ کئی برسوں سے لوگوں کو بروقت عدالتوں سے انصاف نہیں مل رہا ہے اور شاید اسی وجہ سے عدلیہ سے لوگوں کا اعتماد اور بھروسہ بہت حد تک ختم ہوتا جا رہا ہے،جو یقینا تشویشناک اور افسوسناک ہے،اس وقت ملک کی مختلف عدالتوں جیسے ڈسٹرکٹ کورٹ،ہائی کورٹ اور سپریم کورٹ وغیرہ جیسے اہم اداروں میں پانچ کروڑ19 لاکھ سے زائد مقدمات عدالتوں میں زیر دوراں ہیں اور التوا کا شکار ہیں،ان معاملات کے تصفیہ اور اسکے حل کے لئے کم ازکم 300 سال درکار ہوں گے وہ بھی اس صورت میں جب کہ ان کی سماعت تسلسل کے ساتھ ہوتی رہے،اتنی بڑی تعداد میں مقدمات کا زیر التوا رہنا یہ ظاہر کرتا ہے کہ عدلیہ سے وابستہ افراد انصاف کے عمل کو یقینی بنانے کے تئیں حساس اور فکرمند نہیں ہیں،گذشتہ دنوں حیدرآباد کے رکن پارلیمنٹ بیرسٹر اسد الدین اویسی صاحب نے لوک سبھا میں وقفہ سوالات کے دوران،ملک کی مختلف عدالتوں میں زیر دوراں مقدمات سے متعلق مرکزی وزیر قانون و انصاف ارجن رام میگھوال سے سوال کیا کہ ملک بھر کی عدالتوں میں اب تک کتنے مقدمات زیر دوراں ہیں؟ اراضیات سے متعلق کتنے مقدمات التوا کا شکار ہیں اور حکومت کی جانب سے ان مقدمات کی یکسوئی کے لئے اگر آپ نے فاسٹ ٹریک کے اقدامات کئے ہیں تو اسکی تفصیلات بتائی جائیں اگرنہیں تو اسکی وجوہات بتائی جائیں؟ اس پر مرکزی وزیر قانون و انصاف ارجن رام میگھوال نے نیشنل جوڈیشل ڈاٹا گرڈ کے حوالے سے بتایا کہ سپریم کورٹ میں 82922 مقدمات، ہائی کورٹس میں 62 لاکھ 28980 مقدمات،جبکہ ضلعی اور اس کے ذیلی عدالتوں میں 4 کروڑ،56 لاکھ 17477 مقدمات زیر التوا ہیں،مرکزی وزیر نے ایوان کو بتایا کہ عدالتوں میں زیردوراں مقدمہ کی معلومات مرکزی سطح پر نہیں دیکھی جاتی ہیں زیر التوا مقدمات کو مقررہ مدت میں ختم کرنے کے لئے معاملہ عدلیہ کے اختیار میں ہے تاہم حکومت کی جانب سے عدلیہ کو ماحول فراہم کیا جارہا ہے کہ وہ مقدمات کی تیزی کے ساتھ یکسوئی کریں اور زیر التوا مقدمات کو کم کریں،انھوں نے ایوان کو بتایا کہ” 2011 کی مردم شماری کے مطابق آبادی کی بنیاد پر، جو کہ 19.1210 ملین تھی،اور سال 2024 میں سپریم کورٹ،ہائی کورٹس،ڈسٹرکٹ اور ماتحت عدالتوں میں ججوں کی منظور شدہ تعداد کے بارے میں دستیاب معلومات کے مطابق،ملک میں ججوں کی آبادی کا تناسب تقریباً 21 جج فی ملین آبادی کے برابر ہے،ہائی کورٹس میں ججوں کی تقرری کی تفصیلات بتاتے ہوئے،میگھوال نے کہا کہ 2024 میں،تازہ تقرریوں کی تعداد 34 تھی؛ 2023 میں یہ 110 تھی؛ 2022 میں یہ 165 تھی،2021 میں یہ 120 تھی؛ 2020 میں یہ 66 تھی؛ اور 2019 میں یہ 81 تھا،سال 2024 میں سپریم کورٹ میں تعینات ہونے والے ججوں کی تعداد چار تھی۔ 2023 میں، یہ 14 تھا؛ 2022 میں، یہ تین تھا؛ 2021 میں، یہ نو تھا؛ اور 2019 میں، یہ 10 تھا۔ 2020 میں کوئی تقرری نہیں ہوئی تھی” چند مہینے قبل آر ٹی آئی کی ایک رپورٹ میں یہ حیرت انگیز انکشاف ہوا تھا کہ گذشتہ 30 سال سے ہندوستان کے کسی بھی ہائی کورٹ میں ججس کی مکمل تعداد دستیاب نہیں ہے،مرکزی وزارت انصاف نے تلنگانہ کے کتہ گوڑم کے رہنے والے حقوق انسانی کے ایک کارکن کو آر ٹی آئی کے تحت کئے گئے سوال پر یہ بات بتائی گئی،قانون کے طالب علم منی دیپ نے اس تعلق سے مرکزی وزارت قانون سے معلومات طلب کی تھیں، مرکزی محکمہ نے بتایا کہ یکم جنوری 2021 تک ملک میں 25 ہائی کورٹس میں 411 ججس کی جائیدادیں مخلوعہ ہیں،جبکہ ان ہائی کورٹس میں منظورہ تعداد 1079 بتائی گئی ہے،ہائی کورٹ میں فی الوقت ججز کی تعداد 668 ہے،یہاں اس بات کا ذکر بے محل نہ ہوگا کہ 1991 سے ہی ججز کی مخلوعہ جائیدادوں میں اضافہ ہوتا رہا ہے، 2001 میں ججس کی مخلوعہ جائیدادوں کی تعداد 99 تھی،جو 2011 میں بڑھ کر 286 ہوگئی جبکہ اس وقت یہ تعداد بالترتیب 647 اور 895 ہونی چاہیے تھی،انسانی حقوق کارکن نے بتایا کہ ہندوستان کے کسی بھی ہائی کورٹ میں فی الوقت ججس کا مکمل کورم موجود نہیں ہے اور تقریبا 30 سال سے یہی صورتحال برقرار ہے،الہ آباد ہائی کورٹ میں مخلوعہ جائیدادوں کی تعداد 64 بتائی گئی ہے،جبکہ کلکتہ ہائی کورٹ میں 36، پنجاب اور ہریانہ ہائی کورٹ میں ججس کی 36 جائیدادیں مخلوعہ ہیں،انسانی حقوق کارکن نے مزید بتایا کہ ہائی کورٹس میں اگر ججس کی اتنی قلت پائی جاتی ہے تو ضلعی عدالت اور مجسٹریٹ کورٹ کا حال تو اس سے بھی برا ہوگا،پھر بروقت مقدمات کی یکسوئی میں یقینی طور پر تاخیر ہوگی،انہوں نے بتایا کہ مرکز ججس کی مخلوعہ جائیدادوں کو پر کرنے میں ناکام رہا ہے،جو انسانی حقوق کی خلاف ورزی میں شمار ہوتا ہے،حقوق انسانی کے اس کارکن نے مزید بتایا کہ مقدمات کی عدم یکسوئی کی وجہ سے کمزور طبقات کے تقریبا پانچ لاکھ زیر دریافت قیدی ملک کی مختلف جیلوں میں بند ہیں،ہر سال اس تعداد میں ایک لاکھ سے زیادہ کا اضافہ ہورہا ہے،تقریبا ڈیڑھ لاکھ لوگ ایک برس سے زائد عرصے سے مقید ہیں،جبکہ 80 ہزار سے زائد لوگ پانچ برس سے زیادہ عرصے سے جیلوں میں بند ہیں اور ہر سال اس تعداد میں بھی اضافہ ہورہا ہے،انہوں نے بتایا کہ کئی مواقعوں پر ایسی شکایات ملتی ہیں کہ زیر دریافت قیدیوں کو جھوٹے مقدمات میں ماخوذ کیا گیا ہے اور یہ انسانی حقوق کی خلاف ورزی ہوتی ہے،انہوں نے کہا کہ کئی زیر دریافت قیدی ضمانتوں کے لئے پیسوں کی عدم دستیابی کی وجہ سے بھی جیلوں میں ہوتے ہیں،انہوں نے کہا کہ ملک کی کئی عدالتوں میں حتی کہ ٹائلٹ تک کی مناسب سہولتیں بھی میسر نہیں ہیں،ان سہولتوں کی عاجلانہ فراہمی کے لئے اقدامات کئے جانے چاہئے،اور حکومت کو مکمل منظورہ تعداد کے مطابق ججوں کا تقرر کرنا چاہئے” چند ماہ پہلے کی یہ رپورٹ ایک بار پھر سے پڑھئے اور غور کیجئے کہ ملک کے عدالتی نظام میں کس قدر خامیاں اور کمیاں ہیں اور کیسے عدالتی نظام کو اصلاح کی ضرورت ہے؟ کیا اصلاح کے بغیر بروقت انصاف کی فراہمی ممکن ہے؟ ہندوستانی عدلیہ کی تاریخ میں ایسے مقدمات کا ذکر بھی ملتا ہے کہ انصاف کے حصول کی آس لگائے افراد،عدالتوں کا چکر کاٹتے کاٹتے اکثر اس دار فانی سے رخصت ہو گئے اور ان کے مقدمات عدالت میں زیر غور ہی رہے،عدالتوں میں ججوں کی خالی جگہوں کو پر کرنے کے لئے سنجیدہ اور فوری اقدام وقت کا اہم تقاضا ہے،لیکن اس ضمن میں ارباب حل وعقد کا رویہ بہت افسوسناک ہے،ججس کی تقرری کا عمل بھی مقدمات کو فیصل کرنے کے عمل میں برتی جانے والی سست رفتاری کی مانند ہے،جنوری 2024 کے ڈیٹا کے مطابق ملک کے ہائی کورٹس میں ججوں کی مقررہ تعداد 1114 ہے،جس میں 783 جج ہی اپنی خدمات انجام دے رہے ہیں، 331 ججوں کی بحالی کے عمل میں اب تک کوئی پیش رفت نہیں ہوئی ہے،ججوں کی تقرری کے تئیں یہ غیر سنجیدگی ظاہر کرتی ہے کہ ارباب اقتدار صرف زبانی طور پر انصاف کی فراہمی کے دعوے کرتے ہیں،ان دعوؤں کو عملی شکل دینے کے لیے جو اقدام لازمی ہے،انھیں بروئے کار لانے کی مطلق پرواہ نہیں ہے،اقتدار کے علاوہ نوکر شاہی بھی اس عمل کو متاثر کرتی ہے،ججوں کی تقرری کی فائلیں کئی کئی مہینوں تک ان افسروں کی میز پر پڑی رہتی ہیں جن کی دستخط کے بغیر یہ عمل مکمل نہیں ہوسکتا،مختلف سطحوں پر عدلیہ سے وابستہ افراد کے متعلق یہ سمجھا جاتا ہے کہ اپنی منصبی ذمہ داریوں کو پورا کرنے میں وہ غیر جانبداری اور دیانتداری کو ترجیح دیتے ہیں تاکہ انصاف کے عمل میں شفافیت کو یقینی بنایا جاسکے لیکن اگر اس اصول کا تجزیہ معاصر عدالتی نظام کے تناظر میں لیا جائے تو بعض دفعہ حالات اس کے برعکس نظر آتے ہیں،گذشتہ ایک دہائی کے دوران فسطائیت نے جس طرح مختلف عوامی شعبوں پر اپنے اثرات ظاہر کیے ہیں اس سے عدالتی نظام بھی مبرا نہیں رہا ہے حالیہ برسوں میں کئی ایسی مثالیں سامنے آئی ہیں جن میں ججوں کے ذریعے کسی خاص مذہب یا طبقہ کی حمایت کی گئی،ججوں کا یہ رویہ انصاف کے عمل کو بہرحال متاثر کرتا ہے اور اس کے سبب جائز فریق انصاف سے محروم رہ جاتے ہیں،عدالتوں میں ججوں کی کمی کے علاوہ بعض ریاستوں میں ضلع اور ہائی کورٹ سطح پر موزوں انفراسٹرکچر کی کمی بھی معاملات کے زیر التوا رہنے کی ایک وجہ ہے یہ کمی اکثر مقدمات سے وابستہ فائلوں اور دیگر اہم دستاویزات کو محفوظ رکھنے اور عدالتوں میں بروقت انہیں پیش کرنے کے عمل کو متاثر کرتی ہے،اس کے علاوہ عدالتی ریکارڈ سے جج کی میز تک کسی مقدمے کی فائل کے پہنچنے کے عمل میں مختلف سطحوں پر جو ملازمین شامل ہوتے ہیں وہ بھی اکثر اپنے فرائض کی تکمیل میں اس ایمانداری کا مظاہرہ نہیں کرتے جو مقدمات کے بروقت فیصل ہونے کے لیے ناگزیر ہے،عدالتی حکام اور کورٹ کے ملازمین کو اس سے کوئی غرض نہیں ہوتی کہ معاملات کی نوعیت کیا ہے اور کسی معاملے کو تا دیر زیر التوا رکھنے سے انصاف کا عمل کس حد تک متاثر ہوگا،جو اصولی تصورات عدلیہ سے وابستہ ہیں اگر انہیں پوری دیانتداری کے ساتھ روبہ عمل لایا جائے تو انصاف کی فراہمی کے عمل کو بڑی حد تک بروقت نتیجہ خیز بنایا جاسکتا ہے۔لیکن اکثر یہ دیکھا گیا ہے کہ سیاسی رسوخ یا مالی تونگری اس عمل کو پیچیدہ بنا دیتی ہے اس کے سبب ان حساس معاملات میں بھی فوری انصاف کی راہ طویل ہوجاتی ہے جو کسی فرد تنظیم یا جماعت کے کیریئر اور مستقبل سے وابستہ ہوتے ہیں ہندوستان کے عدالتی نظام میں جو اصلاحات فوری درکار ہیں ان میں سب سے ضروری یہ ہے کہ مقدمات کی نوعیت کے لحاظ سے ان کی سماعت کی فہرست ترتیب دی جائے،عدالت عظمی اور بعض ہائی کورٹ کے ججوں نے بھی اس پہلو پر زور دیا ہے لیکن اس کے باوجود اکثر یہ دیکھا گیا ہے کہ سیاسی اغراض یا مالی منفعت کا دباؤ صورتحال کو اس قدر پیچیدہ بنا دیتا ہے کہ نوعیت کے اعتبار سے اہم اور غیر اہم معاملات کی تفریق ختم ہوجاتی ہے، اس ضمن میں عمر خالد کی ضمانت اور سنبھل کی جامع مسجد کے سروے والے معاملات کی مثال ہی یہ ظاہر کر دیتی ہے کہ انصاف کی فراہمی کے عمل میں دیانتداری اور شفافیت کو یقینی بنانے کے تئیں عدلیہ سے وابستہ افراد کس حد تک سنجیدہ ہیں قانون کی رو سے ضمانت حق اور جیل استثنی ہے لیکن اس کے باوجود گذشتہ چار برسوں سے عمر خالد کی ضمانت کی عرضی پر سماعت نہیں ہوسکی ہے،اس کے برعکس جامع مسجد سنبھل کے سروے معاملے میں عدالت نے مثالی تیز رفتاری کا مظاہرہ کیا،اسی طریقے سے گیان واپی معاملے میں بھی حد سے زیادہ تیز رفتاری کا مظاہرہ کیا گیا،ان مثالوں کے علاوہ ایسی کئی دیگر مثالیں آسانی سے پیش کی جاسکتی ہیں جو انصاف کے عمل میں دیانتداری اور شفافیت کو متاثر کرتی ہیں،اس ضمن میں تازہ مثال سابق چیف جسٹس چندر چوڑ کے اس بیان سے بھی ملتی ہے جس میں انہوں نے کہا تھا کہ ایودھیا تناظر میں فیصلہ کرنے کی قوت انہیں بھگوان نے عطا کی تھی،اس معاملے میں آستھا کے نام پر جس طرح قانونی تقاضوں کو بالائے طاق رکھ دیا گیا،وہ صریح طور پر انصاف کے عمل کو کمزور بناتا ہے،اس فیصلے میں آستھا کو انصاف پر ترجیح دینے والے ججوں کو اقتدار نے جس انداز میں نوازا وہ بھی یہ ثابت کرتا ہے کہ انصاف کی فراہمی کے لئے عدالتیں اب اس حد تک خود مختار نہیں رہیں جن پر بلا چوں چرا اعتماد کر لیا جائے،ججوں کی کمی،انفراسٹرکچر کا فقدان،سیاسی دباؤ اور مذہبی بنیاد پر جانبداری والا رویہ انصاف کے عمل کو متاثر کرنے والے ایسے عوامل ہیں جو ہندوستانی عدلیہ کی مایوس کن سچائی بیان کرتے ہیں،ان عوامل میں اصلاح کے بغیر نہ تو انصاف کے عمل میں شفافیت کو یقینی بنایا جاسکتا ہے اور نہ ہی مقدمات کے تصفیہ کی رفتار کو بڑھایا جا سکتا ہے،عدالتوں میں زیر التوا کروڑوں معاملات،انصاف میں تاخیر ناانصافی کے مترادف کی بڑی مثال ہے، 1993 میں ریلیز ہونے والی فلم دامنی میں سنی دیول کا مشہور ڈائیلاگ عدالتی نظام کی بہترین عکاسی کرتا ہے،جس میں وہ بطور وکیل جج سے کہتا ہے می لارڈ! تاریخ پر تاریخ تاریخ پر تاریخ تاریخ پر تاریخ تو ملتی رہی لیکن انصاف نہیں ملا،اس وقت عدالتوں میں زیر التوا معاملات سے متعلق افراد بھی اسی کیفیت سے دوچار ہیں اور یہ صورتحال یقینا انصاف کی فراہمی پر سوالیہ نشان لگاتی ہے۔

کچھ دنوں قبل ہی بابری مسجد کے خلاف فیصلے سنانے والے سابق چیف جسٹس رنجن گوگوئی جنھیں سبکدوشی کے فورا بعد حکومت نے انعام کے طور پر راجیہ سبھا بھیج دیا تھا، نے ایک بیان میں کہا تھا کہ اب عدالتوں میں انصاف نہیں ملتا اسلئے لوگ عدالت جانا نہیں چاہتے،اسکا مطلب اسکے علاوہ اور کیا ہوسکتا ہے کہ اب ملک میں قانون کی حکمرانی کا عمل بد سے بدتر ہوتا چلا جارہا ہے،معروف صحافی راج دیپ سردیسائی نے انصاف کی موجودہ صورتحال پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھا ہے کہ جب حکومت تبدیل ہوتی ہے تو ثبوت بھی بدل جاتے ہیں،الزامات بدل جاتے ہیں،تفتیش کار تبدیل ہوجاتے ہیں اور فیصلے بھی بدل جاتے ہیں،ان حالات میں جب ہر اہم مقدمے کو سیاسی رنگ دے دیا جاتا ہے تو پھر انصاف کے نظام پر کس طرح یقین کیا جائے؟ ملک کے عدل وانصاف کے نظام کو تنازعات اور شکوک سے پاک رکھنے کے لئے ججوں کی تقرری سے لے کر انصاف کے عمل تک ہر پہلو میں شفافیت لانے کی ضرورت ہے،عدلیہ کی غیر جانبداری اور خود مختاری کو برقرار رکھنے کے لئے ضروری ہے کہ اسے ہر طرح کی سیاست اور مداخلت سے پاک رکھا جائے تاکہ بروقت انصاف کی فراہمی یقینی بنائی جاسکے،انصاف کے عدم فراہمی کی ایک بڑی وجہ عدالتوں میں مقدمات کی بھرمار بھی ہے پھر ایسے میں لوگوں کو انصاف کیسے ملے گا مقدمات کا انبار عدالتوں سے کیسے کم کیا جائے اسکی کیا صورت ہوسکتی ہے حکومت کو بھی اس معاملے میں لائحہ عمل طے کرنا ہوگا لیکن ہم آپ بھی اس پر غور کریں۔

# سورۃ الانبیاء: ایک مختصر تعارف


عبدالحفیظ اسلامی سینئر کالم نگار وخطیب مسجد صالحہ قاسم
فون:9849099228112



آیات اور 7 رکوع پر مشتمل اس سورۃ کا نام اس مناسبت سے ’’الانبیاء‘‘ رکھا گیا ہے کہ اس میں بہت سے انبیاء کرام کا تذکرہ ہے۔ مضمون اور انداز بیان، دونوں سے یہی معلوم ہوتا ہے کہ اس کا زمانہ نزول مکہ کا دور متوسط، یعنی نبی محترم صلی اللہ علیہ وسلم کے نبوی دور کی مکی حیات پاک کا تیسرا دور ہے۔اس سورۃ میں وہ کشمکش زیر بحث ہے جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور سرداران قریش کے درمیان برپا تھی۔ وہ لوگ آنحضرت کے دعوائے رسالت اور آپ کی دعوت توحید اور عقیدہ آخرت پر جو شکوک اور اعتراضات پیش کرتے تھے ان کا جواب دیا گیا ہے۔ان کی طرف سے آپ کی مخالفت میں جو چالیں چلی جارہی تھیں ان پر زجر وتوبیخ (ڈانٹ ڈپٹ) کی گئی ہے اور آخر میں ان کو یہ احساس دلایا گیا ہے کہ جس (متبرک) شخص کو تم اپنے لئے زحمت اور مصیبت سمجھ رہے ہو وہ دراصل تمہارے لئے رحمت بن کر آئے ہیں۔(تلخیص ت ق صفحہ 511) آغاز سورت، میں نوع انسانی کو اس بات سے آگاہ کیا جارہا ہیکہ دیکھو تم دنیا میں جو کچھ اعمال کر رہے ہو، اسکے حساب دینے کا وقت قریب آپہنچا ہے اور تمہارا حال یہ ہیکہ تم (اللہ کے احکامات اور نبیؐ کی دعوت حق کے بارے میں) غفلت کا شکار ہوکر اس سے منہ پھیر رہے ہو۔دوسری اہم بات یہ رکھی گئی کہ اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر جو نصیحت بھری قرآنی آیات رب تعالی کی طرف سے نازل ہوتی ہیں یہ انہیں سناتے ہیں، لیکن یہ لوگ اسکی قدر نہیں کرتے بلکہ انکار رویہ، وھم یلعبون ،کا ہے یعنی انکی مجرمانہ غفلت کا یہ عالم ہیکہ نبی رحمت کی زبان مبارک سے نکلنے والی قرآنی آیات کو کھیل سمجھتے ہوئے غور سے نہیں سنتے !!!اور یہ بھی بتلایا گیا کہ یہ ظالم لوگ جنکے قلوب غفلت میں پڑے ہوے ہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر طرح طرح سے آپس میں چپکے چپکے یہ باتیں بناتے ہیں کہ کوئی بشر نبی کیسے ہوسکتا۔۔۔؟ اور کہتے ہیں کہ افتاتون السحر وانتم تبصرون تم آنکھوں دیکھتے جادو کی لپیٹ میں کیوں آتے ہو؟۔مفسرین کرام لکھتے ہیکہ (۱)’’کفار کے اس شبہ کا ازالہ کیا جارہا ہے کہ آپ بشر ہیں اس لئے نبی کیسے ہوسکتے ہیں؟ فرمایا ہماری سنت ہی یہی ہے۔آج تک بنی نوع انسان کی طرف جتنے انبیاء بھیجے گئے وہ ان ہی کے ہم جنس کیونکہ افہام وتفہیم کا مقصد اسی طرح پورا ہوسکتا ہے۔اگر نبی فرشتہ ہوتا تو اس کے آنے کی دو صورتیں تھیں۔اگر وہ اپنی ملکوتی شکل میں آتا تو تم اس کی ہیبت سے دم توڑ دیتے اور اگر انسانی صورت میں آتا تو پھر تم وہی اعتراض کرتے کہ ہماری طرح بشر ہے،تمہیں کون سمجھاتا کہ یہ بشر نہیں فرشتہ ہے۔اسلئے سنت الٰہی یہی ہے کہ انسانوں کی ہدایت کیلئے کسی انسان کو ہی نبی بنا کر مبعوث فرمایا جاتا ہے۔(۲) اس کے بعد توحید باری کے ثبوت کے لئے تکوینی دلائل کے ساتھ عقلی دلیلیں بھی پیش کردیں تاکہ انھیں راہِ راست پر لانے کی کوششیں ادھوری اور نا تمام نہ رہے۔(۳) فرشتوں کے متعلق ان کے غلط عقیدہ کا بطلان کر دیا کہ وہ خدا کی اولاد نہیں بلکہ اس کے معزز بندے ہیں۔ جو ہمہ وقت اس کی یاد، اس کی بندگی اور اس کی تسبیح وتقدیس میں مشغول رہتے ہیں۔نہ تھکتے ہیں نہ اُکتاتے ہیں۔(۴) اس ضمن میں توحید، نبوت اور آخرت کے بارے میں مشرکین کے شکوک وشبہات کو بیان کیا اور بڑے حکیمانہ انداز میں ان کی تردید بھی کردی۔(۵) اس کے بعد چند جلیل القدر انبیاء اور اولوالعزم رسولوں کی سیرتیں بیان فرمائیں تاکہ راہِ نور ومنزل تسلیم ورضا اگر کسی مشکل سے دوچار ہو تو حوصلہ ہار نہ دے۔شکستہ پا ہوکر بیٹھ نہ جائے بلکہ ان پاکیزہ ہستیوں کی سیرت کے مطالعہ سے تقویت حاصل کرتا ہوا آگے بڑھتا جائے۔(۶) سورۃ کے آخری رکوع میں ایک بار پھر اس حقیقت کو بیان فرمایا گیا کہ جو شخص نیکی اور راستی کی راہ پر صدق واخلاص کے ساتھ گامزن ہوگا وہ بامراد اور کامیاب ہوگا۔اس کی کوششیں رائیگاں نہیں جائیں گی یہ لوگ روز محشر کی ہولناکیوں سے بھی خوفزدہ نہیں ہوں گے۔اس روز فرشتہ مرحبا! خوش آمدید! کہتے ہوئے ان کا استقبال کریں گے اور جو بدبخت، اپنی غلط کاریوں پر بضد رہے اور سمجھانے کے باوجود نہ سمجھے تو انھیں ان کے معبودوں سمیت دوزخ کا ایندھن بنادیا جائے گا۔اس سورۃ کے ختم پر کلام الٰہی (قرآن مجید) کی شان عظیم کا ذکر فرماتے ہوئے ارشاد ہوا کہ اِنَ فِی ہٰذَا لَبَلٰغًا لِقَومٍ عٰبِدِینَ (آیت 106)، اس میں ایک بڑی خبر ہے عبادت گزار لوگوں کیلئے، فی ہذا سے مراد، وعظ تنبیہ ہے جو اس سورت میں مختلف انداز سے بیان کی گئی ہے۔” بلاغ سے مراد” کفایت ومنفعت ہے یعنی وہ کافی اور مفید ہے۔مختصر یہ کہ قرآن مجید ایک ایسی عظیم کتاب ہے جس میں ہر شخص کیلئے جو اس کو مان لیتا ہے اور اس کے مطابق عمل کرتا ہے دنیا وآخرت کا بہت ہی بڑا فائدہ ہے اور (یہ کتاب) ہر طرح سے بندے مومن کیلئے کافی ہے۔عابدین سے مراد یہ ہے کہ خشوع و خضوع سے اللہ تبارک وتعالیٰ کی غلامی (بندگی وعبادت) کرنے والے اور شیطانی خواہش کے اُبھرنے پر فوری چوکنا ہوجانے اور ہر وقت اللہ کی اطاعت کو ترجیح دینے والے لوگ ہیں اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی عظمت بیان کرتے ہوئے ارشاد فرمایا......وَمَا اَرسَلنٰکَ اِلا رَحمۃ لِلعٰلَمِینَ اور ہم نے آپ کو تمام جہاں والوں کیلئے رحمت بنا کر ہی بھیجا ہے۔آپ صلی اللہ علیہ وسلم پورے جہاں کیلئے رحمت بن کر یعنی اپنی تعلیمات کے ذریعہ سے دین ودنیا کی سعادتوں سے ہمکنار کرنے کیلئے تشریف لائے ہیں!۔اور دوسری چیز یہ کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو جو رحمت قرار دیا ہے کہ آپ کی وجہ سے یہ اُمت بالکلیہ تباہی و بربادی سے محفوظ کردی گئی جیسے گزری ہوئی اُمتوں اور قوموں کو جس طرح حرف غلط کی طرح مٹا کر رکھ دیا گیا تھا اُمت محمدیہ (جو اُمت اجابت اور امت دعوت کے اعتبار سے پوری نوع انسانی پر مشتمل ہے) پر اس طرح کا کلی عذاب نہیں آئیگا۔یعنی اللہ تعالی کی جانب سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت دراصل سارے جہانوں کے لیے رحمت ومہربانی ہے، لیکن کفار مکہ کی یہ حماقت ونادانی تھی کہ آپکی ہستی کو زحمت سمجھتے تھے حقیقت تو یہ ہیکہ آپ کے ذریعہ علم کی روشنی عطا کرتے ہوئے،حق وباطل کا فرق بتلایا جارہا ہے،سلامتی وتباہی کی راہ واضح کرکے دیکھلائی جارہی ہے،لہذا آپکی لائی ہوئی دعوت کو قبول کرلو اسی میں فلاح وکامیابی ہے۔ اقتباس واستفادہ کتب: (تفہیم القرآن ،ضیاء القرآن، تفسیر ابن عباس اور” القرآن حکیم “مطبوعہ سعودی عرب)

# مطالعہ ادب ادب“ کا رسم اجرا 23 فروری کو، تیاری زوروں پر

حاجی پور (محمد آصف عطا) اصلاح ملت کمیٹی ویشالی کے زیر اہتمام 23 فروری کو ڈاکٹر محمد ظفیر الدین انصاری سابق صدر شعبہ اردو للت نارائن متھلا یونیورسٹی دربھنگہ کی کتاب ”مطالعہ ادب“ (مجموعہ مضامین) کا رسم اجرا عمل میں آئے گا۔ اس کی تیاری زوروں پر چل رہی ہے۔ لوگوں کو دعوت نامے دیئے جا رہے ہیں۔ اس بارے میں جانکاری دیتے ہوئے جناب ڈاکٹر محمد ظفیر الدین انصاری صاحب نے بتایا کہ آئندہ 23 فروری بروز اتوار کو بوقت 10 بجے صبح بمقام مہارانا پرتاپ میرج ہال نزد جگیاسا اسکول انجان پیر چوک سے پچھم حاجی پور میں پروفیسر فاروق احمد صدیقی سابق صدر شعبہ اردو بہار یونیورسٹی مظفر پور کی صدارت میں رسم اجرا پروگرام کا شاندار انعقاد کیا گیا ہے۔ جس کی تیاری زوروں پر چل رہی ہے۔ اس پروگرام کے سلسلے میں جناب محمد ظفیر الدین انصاری نے نمائندہ سے خصوصی ملاقات میں بتایا کہ پروگرام میں مہمان خصوصی کی حیثیت سے جناب امتیاز احمد کریمی سابق چیئرمین بہار پبلک سروس کمیشن پٹنہ، مہمان ذی وقار کی حیثیت سے پروفیسر غلام غوث معزز رکن بہار قانون ساز کونسل پٹنہ، جناب ارشد فیروز معزز چیئرمین گورنمنٹ اردو لائبریری پٹنہ، جناب عبدالسلام انصاری سکریٹری بہار اسٹیٹ مدرسہ ایجوکیشن بورڈ پٹنہ، مہمان اعزازی کی حیثیت سے پروفیسر توقیر عالم سابق پرو وائس چانسلر مولانا مظہر الحق عربی، فارسی یونیورسٹی پٹنہ، پروفیسر اسرائیل رضا سابق صدر شعبہ اردو پٹنہ یونیورسٹی پٹنہ، پروفیسر حامد علی خان شعبہ اردو بہار یونیورسٹی مظفر پور، پروفیسر صفدر امام قادری استاد شعبہ اردو کامرس کالج پٹنہ، پروفیسر محمد آفتاب اشرف پروفیسر انچارج سی ایم جے کالج کھٹونا مدھوبنی، ڈاکٹر عطا عابدی سب ایڈیٹر (سابق) ماہنامہ ”افکار ملی“ دہلی، ڈاکٹر احسان عالم پرنسپل الحراء پبلک اسکول دربھنگہ شریک ہونگے۔ جبکہ کتاب کا اجرا مولانا ابوالکلام قاسمی سابق پرنسپل مدرسہ اسلامیہ شمس الہدی پٹنہ کے دست مبارک سے کیا جائے گا۔ وہیں کتاب پر تبصرہ ڈاکٹر منصور خوشتر دربھنگہ اور ڈاکٹر عارف حسن وسطوی حاجی پور کریں گے۔ اس پروگرام کی کامیابی کے لئے اصلاح ملت کمیٹی ویشالی کے صدر محمد عظیم الدین انصاری، سکریٹری ماسٹر محمد قمر الدین انصاری نے مشترکہ طور پر محب اردو سے زیادہ سے زیادہ تعداد میں شرکت کی درخواست کی ہے۔



PRIVATE HAJJ QUOTA
INCLUSIVE OF ALL TAXES
QURBANI NOT INCLUDED
Alig Zamzam HAJJ UMRAH SERVICES Journey of a life time
HAJJ 2025
5 STAR SHIFTING PACKAGE
34 DAYS INCLUSIVE 6,75,000/-
HAJJ VISA | INSURANCE | HAJJ KIT | AIR TICKET
TRANSPORT & ZIYARAT
3 TIMES MEAL | TOUR GUIDE | 5 Ltr. ZAM ZAM | LAUNDRY
Makkah: Azizia Hotel Building (Including Hajj Days)
After Hajj Makkah: Anjum Hotel - 5 STAR (100 Mtr.)
Madinah Hotel: Marjan International 200 Mtr.
Moulim/Maktab - Zone 3
AIR INDIA
Del-Jed / 30-May / AI-991 / 16:30-19:55
Jed-Del / 02-Jul / AI-992 / 20:55-05:00
+91-9837385111
+91-9012077661
ALIG ZAM ZAM
HAJJ UMRAH SERVICES
Office: Mahinn Tower, Opp. Blossoms School
Pan Wali Kothi, Aligarh 202001



HINDUSTAN TOURS & TRAVELS
ہندوستان ٹورز اینڈ ٹریولز
IATA

رمضان کریم
RAMAZAN UMRAH
BUDGET PACKAGE
FLIGHT BY SAUDI AIRLINES FROM DELHI
السعودية Saudia

- INCLUSIONS:
- AIR TICKET
- UMRAH VISA WITH INSURANCE
- 3 TIMES BUFFET SYSTEM FOOD
- MAKKAH HOTEL (ASRAR AL GARIBA AJYAD)1400 MTR BUS SERVICE-SIMILAR
- MADINA HOTEL (DAR AL HUSSAIN) MASJID BILAL AREA (700 MTR) OR SIMILAR
- ALL TRANSPORT ROUND TRIP
- ZIYARAT MAKKAH MADINA CITY
- GUIDANCE BY EXPERIENCED
- UMRAH KIT

| DATE | FLIGHT TIME | PRICE | DAYS |
|---|---|---|---|
| 02 MAR TO 21 MAR 2025 | DEL JED/20:05 23:50 JED DEL/02:15 09:45 | 101000 | 20 |
| 03 MAR TO 22 MAR 2025 | DEL JED/20:05 23:50 JED DEL/10:55 18:25 | 101000 | 20 |
| 05 MAR TO 03 APR 2025 | DEL JED/11:25 15:10 JED RUH/04:00 05:50 RUH DEL/10:00 17:00 | 112000 | 30 |
| 07 MAR TO 04 APR 2025 | DEL JED/20:05 23:50 JED DEL/10:35 18:25 | 112000 | 29 |
| 09 MAR TO 06 APR 2025 | DEL JED/11:25 15:10 JED DEL/10:35 18:25 | 112000 | 29 |
| 17 MAR TO 06 APR 2025 | DEL JED/11:25 15:10 JED DEL/01:55 09:45 | 103000 | 21 |

DELHI HEAD OFFICE:-
YASIR -7400011153
FARHA -7400011152
QUARI ABDUL MATEEN -7303330662
303, 3RD FLOOR, VARDHMAN CITY 2 PLAZA, TURKMAN GATE, NEW DELHI-110002
PH NO. 011-46062444

SAMBHAL BRANCH:-
SHAFIQ - 9756493401
9410087199
HAJI SHAMIM BUILDING, NAKHASA NEAR NAKHASA POLICE CHOWKI SAMBHAL - 244302 U.P.

DARBHANGA BRANCH:-
ZIYA -9990440072
SAJID -9990441944
SAFAT AHMAD-9546096374
MAULAGANJ, NEAR KHALILIYA HOTEL, DARBHANGA, BIHAR - 846004


MUMBRA BRANCH:-
SOHAIL – 9987744448
9990334430
OFFICE NO. S-10, ELMORE, DOSTI BUILDING, MUMBRA, KAUSA - 400607

MUMBAI BRANCH:-
SHAKEEL -9820805765
ANJUM - 9990660038
ABID -9990660042
OFFICE NO 10, LASHKARIYA BUILDING, NEAR MAHATMA GANDHI SCHOOL, BEHRAM BUAG, JOGESHWARI WEST, MUMBAI – 400102



SHAHNAI SHADI CENTRE PATNA
شہنائی شادی سنٹر
احمد مارکٹ نزدیک ڈیزی ہوٹل، دریاپور لنگر ٹولی چوراہا، پٹنہ - ۸۰۰۰۰۴
”یہ خوشیاں برقرار رہے - یہ رشتہ برقرار رہے
زندگی میں کوئی غم نہ ہو - سپنوں کی بلندیاں کبھی کم نہ ہوں“
آج کے دور میں ہر ماں باپ مناسب رشتوں کے لئے پریشان ہیں۔ ایسے موقعہ پر میں آپ کے ہمیشہ ساتھ ہوں۔ لیکن یہ تب ہی ممکن ہے۔ جب آپ شہنائی شادی سنٹر میں آکر اپنے لڑکوں و لڑکیوں کے لئے مناسب رشتہ تلاش کریں۔
20 سال سے آپ کی خدمت میں حاضر ہر ذات و برادری کے لئے مناسب رشتہ موجود ہے۔
Mob.: 9304666042 Mob.: 9334809427
Office : 7065104860 Mob.: 8873083006
Email : shahnai78@gmail.com
نوٹ: اتوار کو صبح 11 بجے سے 2.30 بجے تک آفس کھلی رہتی ہے۔



HAJJ TOUR 2025
Hajj Package 35 Days (Shifting)
حج دیارے حرم حج عمرہ ٹورس پرائیویٹ لمیٹڈ
DAYARE HARAM HAJJ UMRAH TOURS PVT LTD
Direct Flight DEL JED / JED DEL By Saudi Airlines (Others Airlines)

DEPARTURE: 08 May 2025 / RETURN: 11 June 2025
( Date Will be changed on some condition )

Package Includes:
Return Air Ticket (Economy Class) |
Hajj Visa with Insurance |
Best of Accommodation
Indian Meals 3 Time |
Air-conditioned Transportation |
Local Ziyarats in Makkah & Madinah |
5 Liters Zam Zam |
Unlimited Free Laundry | Gifted Hajj Kit |
Exprienced Tour Guide |
Include 5% GST |
6,85,000/- 5 & 4 Sharing Room
DOCUMENTS REQUIRED:
Valid Passport 10 Months | PAN CARD | 2 PHOTOS with white background | AADHAR CARD
For Booking Call:
+91-9555659996
+91-9570023255
+91-9570023277
TEL: 06272-351228
Package Does Not Includes:
Qurbani |
Tawaf E Ziyarat will be Done on own Expense |
No Transport Will Be Provided from Makkah Building to Haram |
HOTEL DETAIL
Makkah: Anjum Hotel Makkah* 100-200 Meters from Haram ★★★★★ or similar
Madinah: Star Hotel * 200-250 Meters from Masjid e Nabawi ★★★ or similar
Moallim C Category
Package Excludes:
* TCS extra | Any other items / service which are not mentioned above
IMPORTANT NOTES
1. Please activate ROAMING on your Sim before leaving India.
2. Download IMO, SKYPE, BOTIM for your VIDEO & AUDIO CALLS.
3. Please take Printout (HARD COPY) of your Ticket, Visa, Insurance.
4. Please wear EHRAM before crossing Meeqat.
5. Please Buy Saudi RIYAL from INDIA before reaching AIRPORT.
6. PLEASE keep 50-100 sar change with you handy in pockets.
7. Make sure to Keep your medicine handy with you in hand bags.
8. Do Not Carry INDIAN or ANY POLITICAL FLAGS with you.
9. Watch UMRAH Tutorials on YOUTUBE Before leaving.
10. For Mobile Recharges carry Extension board and Universal Adapter
11. Carry your own Wheelchairs.
12. Water is available only on Buffet Not in Rooms.
TERMS & CONDITIONS
1. Visa and Tickets Fees are Non Refundable.
2. No Refunds if Tour Cancelled within 21 Days of Travel.
3.50% Advance to Confirm Bookings.
4. Balance 50% to be paid 21 Days before Travel.
5. Airfare is considered of Economy class.
6. No Cash Deposits in our Bank Accounts.
7. Food In Executive, Esteem will be in Parcel.
8. Hotel may Change to Similar or Same Category Hotels.
9. Bucket and Tubs will not be available in hotels.
10. No Fans are not available in Rooms Only AC.
11. Indian Toilets are not available only English Toilets.
DAYARE HARAM HAJJ UMRAH TOURS PVT. LTD.
1st Floor, Shop No- 5 & 6, M.H. Market Karamganj Road, Near Shiksha Bhawan Laheriasarai, Darbhanga, Bihar - 846001
Mr. Abdur Razaque (11 years experiance)
www.dayareharam.com, dayareharam49@gmail.com



ZAM ZAM زم زم
حج عمرہ ٹور اینڈ ٹریول
Hajj Umrah Tour & Travel
Main Khagaul Road, Opp Central Bank of India, Minhaj Nagar, Phulwari Sharif, Patna- 801505

| 17 JAN 2025 | 15 FEB 2025 | 03 MAR 2025 (Ramdan Full Month) | 07 APR 2025 |
|---|---|---|---|
| 97,000/- | 97,000/- | 1,79,000/- | 97,000/- |
| DELHI TO DELHI | DELHI TO DELHI | PATNA TO PATNA | DELHI TO DELHI |

Ramdan Booking Start 2025
LAST 20 DAY RAMDAN 10 MAR 2025 DELHI TO DELHI (1,57,000/-) PATNA TO PATNA (1,68,000/-)
SAUDI AIRLINES/AIR INDIA
Hotel in Makkah :- Dar Al-Khalil Rushad Hotel or Simlar Within 300-350 Mtr
Package Includes
Hotel in Madina :- Guest Time & Arzuwaan Sada Hotel or Simlar Within 100-150 Mtr
Accommodation, Visa, Ticket, Laundary, Zamzam, Badar Zeyarat, Transportation, Food, Tour Assistance
9334735020, 9334369891, 9308841431, 9572959246
PATNA TO PATNA 1,08,000/-
CONTACT PERSON OTHER DISTRICT

| NEW DELHI | ASANSOL (W.B) | RAJA BAZAR PATNA | BUXAR | CHAPRA | SIWAN | MUZAFFARPUR | DARBHANGA | BIHAR SARIF | ALAMGANJ PATNA |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Gulam Rasul 9015524877 | Mufti Sohail Ansari 8868894411 | Sajjad Khan 930816263 | Md. Afzal Ansari 9110991456 | Md. Sabir 9308841431 | Ahmad Reza 9308170977 | Md. Rizwan 7004957236 9199684786 | Raja Ansari 8877690469 | Md. Sakil 8210721950 | Md. Rizwan 8292847945 Md. Ashraf- 8228826640 |

## اقتدار سے بے دخل کرنے تک وقف ترمیمی بل ایک بد دعا کی طرح مودی کا پیچھا کرے گی۔ پی عبدالمجید فیضی، ایس ڈی پی آئی

ملاپورم۔ (پریس ریلیز)۔ سوشیل ڈیموکریٹک پارٹی آف انڈیا کیرلا شاخہ نے وقف ترمیمی بل کے خلاف پارٹی کے ملک گیر مہم کے ایک حصے کے طور پر کولم شہر کے بعد ملاپورم شہر میں ایک عظیم الشان ریالی اور کانفرنس کا انعقاد کیا۔ جس میں ہزاروں کی تعداد میں مرد و خواتین شریک رہے۔ ایس ڈی پی آئی کے قومی جنرل سکریٹری پی عبدالمجید فیضی نے کہا ہے کہ وقف ترمیمی بل اس وقت تک بی جے پی کا پیچھا کرے گا جب تک کہ مودی حکومت، جو وقف بورڈ کے ڈھانچے اور اختیارات کو پامال کر کے مسلمانوں کے وجود کو تباہ کرنے کے لیے نکلی ہے، کو ختم نہیں کیا جاتا۔ وہ ایک عظیم الشان کانفرنس کا افتتاح کر رہے تھے جس میں ایس ڈی پی آئی کی طرف سے ملاپورم میں تحفظ وقف برائے سماجی تحفظ کے نعرے کے تحت منعقدہ وقف تحفظ ریلی کے اختتام پر منعقد کیا گیا تھا۔ نیا وقف ترمیمی قانون، جو شہریت ترمیمی قانون کی طرح صرف مسلمانوں کو نشانہ بناتا ہے، غیر آئینی اور امتیازی ہے۔ ملک میں ہندوؤں اور سکھوں سمیت مذہبی اداروں اور املاک کے تحفظ کے لیے خصوصی قوانین ہیں۔ اگرچہ ان تمام میں رکنیت صرف متعلقہ مذہب کے افراد کو ہی حاصل ہے، لیکن مسلم وقف بورڈ میں صرف غیر مسلموں کو لازمی طور پر شامل کرنے کی تجویز مسلم مخالف جذبات کی عکاس ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام جمہوریت پسندوں کی ذمہ داری ہے کہ اس غیر آئینی اقدام کی مخالفت کریں۔ ایس ڈی پی آئی ریاستی صدر سی پی اے لطیف نے تقریب کی صدارت کی۔ ایس وائی ایف کے ریاستی سکریٹری اشرف باقوی، مفتی امین ماہی، خالد موسیٰ ندوی، ایس ڈی پی آئی کی قومی ورکنگ کمیٹی کے رکن مفتو یوزا اشرف مولوی، ویمن انڈیا موومنٹ کی ریاستی صدر سنیتا نثار، ایس ڈی پی آئی کے ریاستی نائب صدر تلسی ددھرن پالیکل، جنرل سکریٹری پی کے کے۔ عبدالجبار، ریاستی سکریٹری کرشنن ایرانجیکل، وی ٹی اکرام الحق، اور انور پازنجی نے خطاب کیا۔ ریاستی جنرل سکریٹریز پی آر سیاداور رائے اراکل، سکریٹریز انصاری ایناتھ، پی جمیلہ، منجوشا ماولادم، خزانچی این کے رشید عمری، ریاستی سکریٹریٹ کے رکن اجمل اسماعیل، ریاستی ورکنگ کمیٹی کے ارکان اشرف پرواچمبلم، جارج منڈکا یام، وی کے شوکت علی، ضلع صدر ناصر، شہیر چلاپورم، مصطفی کمیری، یوسف وایاناڈ، بشیر، سوادسی اے، سی آئی محمد صیاد، ایس محمد انیش اور ضلعی سکریٹریان موجود رہے۔ وقف تحفظ ریلی، جو ملاپورم ایم ایس پی علاقے سے شروع ہوئی، ورنگوڈ کے مچینگل بائی پاس علاقے میں اختتام پذیر ہوئی۔ ریلی اور عظیم الشان اجتماع میں خواتین اور بچوں سمیت ہزاروں افراد نے شرکت کی۔





## ایڈووکیٹ زرگر پٹنوی، ڈائریکٹر نیشنل ہیومن رائٹس اور گلوبل چیف ورلڈ وائیڈ ہیومینٹی کمیشن، کشمیری طلباء کو ہراساں کرنے کے خلاف فوری کارروائی کا مطالبہ کرتے ہیں، طلباء کے حقوق کے تحفظ کے لیے جرات مندانہ اقدامات کا مطالبہ کرتے ہیں




ایڈوکیٹ زرگر پٹنوی کا بیان صورتحال کی نزاکت اور سنگینی پر زور دیتا ہے اور اس بات کو اجاگر کرتا ہے کہ کشمیری طلباء کے خلاف امتیازی سلوک اور ہراساں کرنے کی ایسی کارروائیاں ناقابل قبول ہیں۔ انہوں نے کرناٹک حکومت کی طرف سے فوری اور فیصلہ کن کارروائی کا مطالبہ کیا تاکہ دوسروں کے لیے رکاوٹ کا کام کیا جائے اور اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ اس طرح کے واقعات دوبارہ نہ ہوں۔ ملک میں اتحاد اور بھائی چارے کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے، وہ انسانی حقوق کا احترام کرنے اور کسی بھی قسم کی نسلی یا سماجی تفریق سے بچنے کی ضرورت پر زور دیتے ہیں۔ ایڈوکیٹ پٹنوی کی اپیل ایک مضبوط یاد دہانی ہے کہ ہم سب ایک قوم میں رہتے ہیں اور امن اور ہم آہنگی کو برقرار رکھنے کے لیے کام کرنا چاہیے۔ ایڈوکیٹ زرگر پٹنوی کا پیغام انصاف اور مساوات کے بنیادی اصولوں کی نشاندہی کرتا ہے۔ انہوں نے نشاندہی کی کہ نسل یا علاقے کی بنیاد پر ہراساں کرنا اور تذلیل کرنا نہ صرف انسانی حقوق کی خلاف ورزی کرتا ہے بلکہ ہمارے متنوع ملک میں اتحاد کے تانے بانے کو بھی متاثر کرتا ہے۔ سخت کارروائی کا مطالبہ کرتے ہوئے، اس کا مقصد ایک مثال قائم کرنا ہے کہ اس طرح کے رویے کو برداشت نہیں کیا جائے گا، تمام طلباء کے لیے ایک محفوظ اور زیادہ جامع ماحول کو یقینی بنانا ہے۔ وہ اس بات پر بھی زور دیتا ہے کہ امتیازی سلوک ان بنیادی اقدار کو مجروح کرتا ہے جو ہمیں بحیثیت قوم ایک ساتھ باندھتی ہیں۔ یہ پیغام حکومت کے لیے ان اقدار کو برقرار رکھنے اور افراد کو اس طرح کے نقصان دہ اقدامات سے بچانے کے لیے کارروائی کا مطالبہ ہے۔ انہوں نے اپنے بیان میں ایک طاقتور یاد دہانی کرائی ہے کہ ایک ہم آہنگ معاشرے کے لیے تمام شہریوں کے لیے امن اور احترام کو برقرار رکھنا ضروری ہے۔ ایڈوکیٹ زرگر پٹنوی کی اپیل انصاف اور کارروائی کے لیے ایک اہم مطالبہ ہے۔ کشمیری طلباء کے خلاف ہراساں کرنے اور تذلیل کے واقعے کی مذمت کرتے ہوئے، انہوں نے احتساب اور احتیاطی اقدامات کی فوری ضرورت کو اجاگر کیا۔ ان کا یہ بیان ایک یاد دہانی کا کام کرتا ہے کہ ہر فرد خواہ اس کا پس منظر کوئی بھی ہو، عزت اور احترام سے پیش آنے کا مستحق ہے۔ انہوں نے عزت مآب وزیر اعظم ہند نریندر مودی اور وزیر داخلہ امت شاہ پر زور دیا کہ اٹھائے گئے اقدامات ٹھوس اور فیصلہ کن ہونے چاہئیں، تاکہ یہ واضح پیغام جائے کہ اس طرح کے رویے کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔ اس نقطہ نظر کا مقصد تمام طلبا کے لیے ایک محفوظ اور زیادہ جامع ماحول پیدا کرنا ہے، اس بات کو یقینی بنانا کہ وہ امتیازی سلوک یا ایذا رسانی کے خوف کے بغیر اپنی تعلیم کو جاری رکھ سکیں۔ ایڈوکیٹ پٹنوی کی اتحاد اور بھائی چارے کی کال ان اقدار کی ایک طاقتور یاد دہانی ہے جو ہمیں بحیثیت قوم ایک دوسرے کے ساتھ باندھتی ہیں۔ ان مسائل کو آگے بڑھاتے ہوئے، ہم ایک ایسے معاشرے کی تعمیر کے لیے کام کر سکتے ہیں جو انسانی حقوق کو برقرار رکھے اور باہمی احترام اور افہام و تفہیم کو فروغ دے۔

## جے ڈی یو کے ریاستی دفتر میں، نتیش بابا جی کے سچے سپاہی



جے ڈی یو کے ریاستی دفتر میں، نتیش بابا جی کے سچے سپاہی، دن رات 24 گھنٹے کام کرتے ہوئے، پورے دل سے کوشش کرتے ہوئے آگے بڑھتے ہوئے ہمارے سرپرست استاد قانون ساز کونسل سنجے گاندھی سرسی سے ملے، ان کی دعائیں اور آشیرواد لینے کے لیے، ہمارے ساتھ، ہماری ٹیم کے پیارے نوجوان لیڈر، مونک کمار جی کے چھوٹے بھائی، شاہ کمار جی کے چھوٹے بھائی، کلپ کے ساتھ بہت خوشی کا لمحہ۔

## اے اے آئی نے پورنیا ہوائی اڈے پر ٹرمینل کی تعمیر کو منظوری دی، چار ماہ میں ہوگا تیار

پٹنہ، 20 فروری (یو این آئی) ایئرپورٹس اتھارٹی آف انڈیا (اے اے آئی) نے بہار میں پورنیہ ہوائی اڈے کے ٹرمینل کی تعمیر کو منظوری دے دی ہے۔ سرکاری ذرائع نے جمعرات کو بتایا کہ یہ ٹرمینل عمارت اے اے آئی کے جاری کردہ ٹینڈر کے تحت کل 99.33 کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر کی جائے گی۔ یہ رقم 15.44 کروڑ روپے کی تخمینہ لاگت سے 23 فیصد کم ہے۔ ٹینڈر کے عمل کے تحت پہلی بولی 12 ستمبر اور دوسری بولی 27 ستمبر کو کھولی گئی تھی۔ اب فائنل ایجنسی کے انتخاب کا عمل آخری مرحلے میں ہے جس کے بعد کام شروع ہوگا۔ یہ ٹرمینل چار ماہ میں مکمل ہونے کی امید ہے۔ اے اے آئی کے آرکیٹیکٹس نے پہلے ہی پورنیا ہوائی اڈے کا ڈیزائن تیار کرلیا ہے۔ یہ ہوائی اڈہ ''اسٹیٹ آف دی آرٹ'' سہولیات سے لیس ہوگا اور اسے اگلے 30-40 برسوں کے لیے مسافروں کی تعداد کو ذہن میں رکھ کر ڈیزائن کیا گیا ہے۔ اس ہوائی اڈے پر کل پانچ ایرو برج بنائے جائیں گے، جو مسافروں کو بہتر کنکٹی ویٹی فراہم کریں گے۔

## دہلی کی عدالت نے بانسری سوراج کے خلاف ہتک عزت کی شکایت کو کیا خارج

نئی دہلی، 20 فروری (یو این آئی) دہلی کی ایک عدالت نے جمعرات کو عام آدمی پارٹی (آپ) کے لیڈر اور سابق ایم ایل اے ستیندر جین کی طرف سے بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) کی رکن پارلیمنٹ بانسری سوراج کے خلاف دائر ہتک عزت کی شکایت کو خارج کر دیا۔ شکایت کنندہ (مسٹر جین) نے ملزمین یعنی محترمہ سوراج اور ایک نیوز چینل کے خلاف تعزیرات ہند (بی این ایس) کی مختلف دفعات کے تحت شکایت درج کرائی۔ شکایت کنندہ نے الزام لگایا کہ ملزم نمبر 1 (بانسری سوراج) نے 5 اکتوبر 2023 کو ایک نیوز چینل (ملزم نمبر 2) پر نشر ہونے والے انٹرویو میں انہیں بدنام کرنے اور ناجائز سیاسی فائدہ حاصل کرنے کے ارادے سے ان کے خلاف کچھ تضحیک آمیز تبصرے کئے تھے۔ اس میں مزید کہا گیا ہے کہ ملزم نمبر 1، جو پیشے سے وکیل ہے اور نئی دہلی لوک سبھا حلقہ سے ممبر پارلیمنٹ ہے، نے انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ کی طرف سے ان کے گھر پر چھاپے اور وہاں سے 3 کروڑ روپے نقد، 8.1 کلو سونا اور 133 سونے کے سکے برآمد کرنے کے سلسلے میں شکایت کنندہ کے خلاف توہین آمیز بیانات دیے ہیں۔ کیس کی سماعت کے بعد، ایڈیشنل چیف جوڈیشل مجسٹریٹ (اے سی جے ایم) نیہا متل نے کہا ''اس عدالت کا خیال ہے کہ بی این ایس کی دفعہ 356 کے تحت قابل سزا جرم کا نوٹس لینے کے لیے کوئی معقول بنیاد نہیں ہے۔ شکایت اور اس کے ساتھ منسلک دستاویزات سے کوئی اور جرم نہیں بنتا ہیں۔ اس کے مطابق، موجودہ کیس میں نوٹس لینے سے انکار کیا جاتا ہے۔'







